ثنائی، ثلاثی، رباعی، خماسی، سُداسی، سُباعی من احادیث الرسول و اقوال الصالحین

گلدستہ احادیث
مع
سنہرے اقوال

www.KitaboSunnat.com

مرتب
محمد عظیم حاصلپوری

نظرثانی
شیخ محمد مالک بھنڈر حفظہ اللہ

مکتبہ اسلامیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- **کتاب وسنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- **مجلس التحقیق الاسلامی** کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (**Upload**) کی جاتی ہیں۔
- **دعوتی مقاصد** کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (**Download**) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

ثُنائی، ثُلاثی، رُباعی، خماسی، سُداسی،

سُباعی من احادیث الرسول واقوالِ الصالحین

www.KitaboSunnat.com

گلدستہ احادیث

مع

سنہرے اقوال

تالیف
محمد عظیم حاصلپوری
خطیب جامع مسجد تاج عقب
جامعہ محمدیہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ

نظر ثانی
الشیخ محمد مالک بھنڈر حفظہ اللہ
مدرس جامعہ محمدیہ
جی ٹی روڈ گوجرانوالہ

آئی۔اے۔کیو۔پرنٹنگ پریس چوہدری کالونی فیصل آباد روڈ اوکاڑہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب: گلدستہ احادیث مع سنہرے اقوال

نام مرتب: محمد عظیم بن غلام مصطفیٰ حاصلپوری

نظر ثانی: الشیخ محمد مالک بھنڈر حفظہ اللہ

تعداد: 1100

سن اشاعت: 2007ء

اہتمام: محمد ارشد ابو محذورہ

ملنے کے پتے:

1- مکتبہ اسلامیہ اردو بازار لاہور

2- مکتبہ نعمانیہ اردو بازار گوجرانوالہ

3- اسلامک بک سنٹر اڈا منتھار صادق آباد

4- سلیم ٹیلرز ماسٹر چک 75/F ڈاکخانہ 76/F حاصلپور

5- یونیک سٹڈی سنٹر 26 قائداعظم کالونی عمر فاروق حاصلپور

6- زاہد مجید آٹا سٹورز نزد غلہ منڈی حاصلپور پروپرائیٹر ساجد مجید

7- قاری عبدالرحمٰن عابد مدرسہ معاذ بن جبل ایجوکیشن ٹرسٹ (رجسٹرڈ) پاک ٹاؤن الٰہ آباد وزیر آباد۔

8- مرکز اُم القریٰ طیبہ روڈ نزد لیڈر کالج جی ٹی روڈ گوجرانوالہ

9- آئی۔ اے۔ کیو پرنٹنگ پریس نیو چودھری کالونی فیصل آباد روڈ اوکاڑہ۔

○○○

گفٹ دینے والے کا نام: ....

گفٹ وصول کرنے والے کا نام: ....

لینے کی تاریخ: ....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آئینہ مضامین

❶ اَلفَصلُ الاَوّلُ بَابُ الثُّنائِی

پہلی فصل دو دو چیزوں کا بیان ۴

❷ اَلفَصلُ الثَّانِي بَابُ الثُّلاثِي

دوسری فصل تین تین چیزوں کا بیان ۲۳

❸ اَلفَصلُ الثَّالِثُ بَابُ الرُّبَاعِی

تیسری فصل چار چار چیزوں کا بیان ۶۱

❹ اَلفَصلُ الرَّابِعُ بَابُ الْخُمَاسِی

چوتھی فصل پانچ پانچ چیزوں کا بیان ۸۳

❺ اَلفَصلُ الْخَامِسُ بَابُ السُّدَاسِی

پانچویں فصل چھ چھ چیزوں کا بیان ۱۰۲

❻ اَلفَصلُ السَّادِسُ بَابُ السُّبَاعِی

چھٹی فصل سات سات چیزوں کا بیان ۱۱۴

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

بَابُ الثُّنَائِی

دو دو چیزوں کا بیان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلدستہ احادیث سے دو دو چیزیں

❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کہ دو آنکھوں کو جہنم کی آگ نہیں چھو سکتی۔

❶ عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ

''وہ آنکھ جو اللہ کے ڈر کی وجہ سے رو پڑی''

❷ وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

''اور وہ آنکھ جس نے اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے رات گزاری''

(ترمذی' فضائل الجهاد' فی فضل الحرس فی سبیل الله (١٦٣٩) وصحیح الجامع الصغیر (٤١١٣)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابن عباس جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا: کیا میں تمہیں پناہ مانگنے والوں کی بہترین دعا نہ بتاؤں؟

صحابی نے عرض کیا' کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ: آپ ﷺ نے فرمایا!

❶ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

❷ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاس

یہ دونوں سورتیں پناہ مانگنے والی ہیں

(نسائی ' الاستعاذة' باب الاستعاذة من عين الجان (٥٠٢٠)(٥٤٩٤)

نوٹ: رسول اللہ ﷺ آندھی اور طوفان وغیرہ کے وقت ان دو سورتوں کو پڑھا کرتے تھے اور آپ ﷺ نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کو ان کے پڑھنے کی وصیت بھی فرمائی۔

(مشکوۃ للالبانی' فضائل القرآن (٢١٦٢)

❁......❁......❁

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔

1. وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

"اور تمہارا الٰہ تو بس ایک ہے اس کے علاوہ کوئی الٰہ نہیں وہ رحمٰن و رحیم ہے۔"

(البقرۃ : ۱۲۳)

2. الٓمّٓ ۚ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

"الف لام میم' کوئی الٰہ نہیں مگر وہ زندہ اور تھامنے والا ہے۔" (آل عمران : ۱۔۲)

(ترمذی' جامع الدعوات' باب فی ایجاب الدعا بتقدیم الحمد ......' (۳۴۷۸)

نوٹ: ابن ماجہ کی ایک روایت میں ہے کہ جو بندہ اسم اعظم کے ساتھ دعا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے قبول فرماتے ہیں۔

❁ ...... ❁ ...... ❁

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری لمحات میں یعنی بوقت وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عام وصیت دو چیزوں کی فرمائی۔

1. الصَّلاةُ — نماز (کی پابندی رکھنا)
2. وَمَامَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ — اور غلاموں کے متعلق اللہ سے ڈرنا

(ابن ماجہ'' الوصایا' باب وھل أوی رسول صلی اللہ علیہ وسلم (۲۶۹۷) صحیح عندالالبانی ارواء الغلیل (۲۱۷۸)

❁ ...... ❁ ...... ❁

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو مری ہوئی چیزیں اور دو خون ہمارے لیے حلال کیے گئے ہیں دو مری ہوئی چیزیں (یعنی جو بغیر ذبح کے کھائی جا سکتی ہے) وہ یہ ہیں۔

1. فَالْجِرَادُ — ٹڈی
2. وَالْحُوْتُ — مچھلی

اور دو خون یہ ہیں:

1. فَالْكَبِدُ — جگر
2. وَالطِّحَالُ — تلی

(ابن ماجہ' الصید' باب ماقطع من البھیمہ وھی حیۃ (۲۳۱۸) الصحیحۃ (۱۱۱۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو طرح کے جانوروں کی قربانی کرنے کا حکم دیا ہے۔

1. مُسِنَّةٌ — دوندا (جس کے دودھ کے دانت گر چکے ہوں)
2. جَذَعَةٌ — بھیڑ کا کھیرا بچہ جو ایک سال کا ہو

(مسلم 'الأضاحی' باب سن الأضحية (۱۹۷۳)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو آدمیوں پر لعنت فرمائی ہے (وہ دو یہ ہیں)

1. الرَّاشِي — رشوت دینے والا
2. وَالْمُرْتَشِي — رشوت لینے والا

(ترمذی' الأحکام' باب ماجاء فی الراشی والمرتشی فی الحکم (۱۳۳۷) صحیح عند الألبانی

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ اور قرآن دونوں روز قیامت بندے کے لیے سفارش کریں گے روزہ کہے گا:

1. أَيْ رَبِّ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّهَوَاتِ بِالنَّهَارِ فَشَفِّعْنِي فِيهِ

"اے میرے پروردگار! میں نے اسے دن میں کھانے (پینے) اورشہوات سے روکے رکھا تو اس کے حق میں میری سفارش قبول فرما۔"

قرآن کہے گا:

2. مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِي فِيهِ

"میں نے اسے رات سونے سے روکے رکھا تو اس کے حق میں میری سفارش قبول فرما۔"

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اللہ ان دونوں کی سفارش کو قبول فرمالیں گے۔

(مسند احمد (۲/۱۷٤) صحیح عند الحاکم (۱/٥٥٤)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

✿ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

❶ ((مَنْ صَلَّى الْبَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ))

''جس نے دو ٹھنڈے وقت کی نمازیں (یعنی فجر اور عصر) ادا کیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

(بخاری ' الصلاة' باب فضل صلاة الفجر' (٥٧٤) ومسلم ' (٦٣٥)

✿......✿......✿

✿ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو مجھے (دو) چیزوں کی ضمانت دے دے میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

❶ مَنْ يَضْمَنُ لِي مَابَيْنَ لَحْيَيْهِ — جو مجھے اپنی زبان کی ضمانت دے دے

❷ وَمَابَيْنَ رِجْلَيْهِ — اور جو مجھے اپنی شرمگاہ کی ضمانت دے دے

(بخاری ' الرقاق' باب حفظ اللسان (٦٤٧٤)

✿......✿......✿

✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: کہ دو آدمیوں پر رشک کرنا جائز ہے۔

❶ رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ الْكِتَابَ وَقَامَ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ

''وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن دیا ہو اور وہ راتوں کو بھی اس کی تلاوت کرتا اور عمل کرتا ہو۔''

❷ وَرَجُلٌ أَعْطَاهُ اللّٰهُ مَالاً فَهُوَ يَتَصَدَّقُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ

''وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے مال دے رکھا ہو وہ دن رات اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہو۔''

(بخاری ' فضائل القرآن' باب اغتباط صاحب القرآن (٥٠٢٥)

(ان دو آدمیوں کو دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ اے اللہ! ہمیں بھی قرآن کی نعمت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے نواز تا کہ ہم بھی دن رات اس کی تلاوت کریں' اور عمل کریں اور اسی طرح ایسے مالدار کو دیکھ کر بھی رشک کیا جا سکتا ہے کہ اے اللہ! ہمیں بھی اتنا مال دے دے کہ تیری راہ میں خرچ کرتے رہیں)

❁ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز جناب جبرائیل نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ انہوں نے اوپر سے دروازہ کھلنے کی زور دار آواز سنی اپنا سر اٹھایا اور نبی کریم ﷺ کو بتایا کہ یہ آسمانوں کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے جو آج سے پہلے کبھی نہیں کھلا' اس سے ایک فرشتہ نازل ہوا ہے جو آج سے پہلے کبھی زمین پر نازل نہیں ہوا اس نے آپ ﷺ کی خدمت میں سلام عرض کیا ہے اور کہا ہے کہ آپ ﷺ کو دو نور مبارک ہوں۔ آپ ﷺ سے پہلے یہ نور کسی نبی کو عطا نہیں کیے گئے (وہ یہ ہیں)

1. فَاتِحَةُ الْكِتَابِ سورۃ فاتحہ
2. وَخَوَاتِيمُ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات

مزید فرمایا کہ جو شخص یہ دو آیات پڑھے گا اسے اس کی مانگی ہوئی چیز ضروری دی جائے گی۔

(مسلم' فضائل القرآن' باب فضل الفاتحہ و خواتیم سورۃ البقرہ (۱۸۷۷)

❁ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ قَرَأَ بِالْآيَتَيْنِ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِي لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ))

''جس نے رات کے وقت (یعنی سوتے وقت) سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات پڑھ لیں وہ اس کے لیے کافی ہوں گی۔''

(بخاری' فضائل القرآن' باب سورۃ البقرہ (۵۰۰۹)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ تَوَضَّأَ نَحْوَ وُضُوْئِیْ هٰذَا ثُمَّ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ لَا یُحَدِّثُ فِیْهِمَا نَفْسَهٗ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ))

''جو شخص میری طرح ایسا وضو کرے' پھر دو رکعت نماز پڑھے جس میں وہ اپنے نفس سے کوئی بات نہ کرے' تو اس کے گزشتہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔''

(بخاری' الوضوء' باب الوضوء ثلاثا ثلاثا(۱۵۹))

❁……❁……❁

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَامِنْ مُسْلِمٍ یَتَوَضَّأُ فَیُحْسِنُ وُضُوْءَهٗ ثُمَّ یَقُوْمُ فَیُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ مُقْبِلٌ عَلَیْهِمَا بِقَلْبِهٖ وَ وَجْهِهٖ اِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ))

''جو مسلمان آدمی خوب اچھی طرح وضوء کرے' پھر کھڑا ہو کر دل اور منہ سے (ظاہری اور باطنی طور پر) متوجہ ہو کر دو رکعت نماز پڑھے تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔''

(مسلم' الطهارة' باب الذكر المستحب عقب الوضوء(۵۵۳))

❁……❁……❁

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: کہ میں اپنے دو پڑوسیوں میں سے کس کی طرف ہدیہ بھیجوں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ''اس کی طرف ہدیہ بھیجو جس کا دروازہ تمہارے زیادہ قریب ہے۔''

(بخاری' الأدب' باب حق الجوار فی قرب الابواب(۶۰۲۰))

❁……❁……❁

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو (معاملے کا فیصلہ کرنے کے متعلق فرمایا' اے علی رضی اللہ عنہ) جب دو جھگڑے والے تیرے پاس فیصلے کے لیے آئیں تو کسی ایک کے حق میں اس وقت تک فیصلہ نہ کرنا جب تک کہ دوسروں کی بات نہ سن لو' اس سے تمہیں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معلوم ہو جائے گا کہ تم نے فیصلہ کیسے کرنا ہے؟

(ابو داؤد' القضاء' باب کیف القضاء (۳۵۸۲) صحیح' ارواء الغلیل (۸/۲۲۶)

❁ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((لَا یَتَنَاجَی اثْنَانِ عَلٰی غَائِطِهِمَا فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ یَمْقُتُ عَلٰی ذٰلِكَ))

''دوران قضائے حاجت دو شخص باہم گفتگو نہ کریں کیونکہ اللہ تعالیٰ اس فعل پر ناراض ہوتے ہیں۔''

(ابو داؤد' کتاب الطهارة' باب کراهیة الکلام عندالخلاء وابن ماجه (۳۴۲) 'الصحیحه (۳۱۲۰)

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَیْنِ مِنْ شَیْءٍ مِّنَ الْأَشْیَاءِ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ دُعِیَ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ وَلِلْجَنَّةِ ثَمَانِیَةُ أَبْوَابٍ))

''جس شخص نے کسی چیز کا جوڑا (یعنی دو دو چیزیں) اللہ کی راہ میں خرچ کیا تو اسے (جنت میں داخلے کے لئے) جنت کے تمام دروازوں سے بلایا جائے گا اور جنت کے آٹھ دروازے ہیں۔''

(بخاری' المناقب' باب قول النبی لو کنت متخذا خلیلا (۳۶۶۶) و مسلم (۱۰۲۷)

❁ حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی دو قسمیں ایسی ہیں جنہیں ہرگز میری شفاعت نہیں پہنچے گی۔

1. إِمَامٌ ظَلُوْمٌ غَشُوْمٌ — ظالم وغاصب حکمران
2. وَكُلُّ غَالٍ فَارِقٍ — اور ہر خائن اور دین سے نکل جانے والے شخص

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❁ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو وقتوں کی دعائیں رد نہیں کی جائیں۔

1. اَلدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ — اذان کے وقت
2. وَعِنْدَ الْبَأْسِ حِيْنَ يُلْحِمُ بَعْضُهُ بَعْضًا — اور اس وقت جب گھمسان کی لڑائی جاری ہو

(ابو داؤد 'الجهاد' باب الدعاء عند اللقاء (٢٥٤٠)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر تو ہلکے ہیں لیکن ترازو میں بھاری ہیں۔ اور رحمٰن کو بہت محبوب ہیں (وہ کلمے یہ ہیں)

1. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ — پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ
2. سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ — بزرگی والا اللہ پاک ہے

(بخاری' الدعوات' باب فضل التسبيح (٦٤٠٦) و مسلم (٢٦٩٤)

❁......❁......❁

❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے افضل اشیاء کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: (یہ دو چیزیں افضل ہیں)

1. أَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ — افضل ذکر لا الہ الا اللہ ہے
2. وَأَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ — اور افضل دعا الحمد للہ کہنا ہے

(ترمذی' الدعوات' باب ماجاء أن دعوة المسلم مستجابة' (٣٣٨٣) والصحيحة (٦٤)

❁......❁......❁

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دو چیزوں میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

1. فِي الْخَيْلِ — گھوڑے میں
2. وَالرَّقِيْقِ — اور غلام میں

(بخاری' الزکاة' باب ليس على المسلم في فرسه صدقة (١٤٦٣) وابو داود (١٥٩٤)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❁ حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! مسکین پر صدقہ کرنے میں صرف صدقے کا ثواب ملتا ہے جبکہ رشتہ دار پر صدقہ کرنے سے دو چیزوں کا ثواب ہوتا ہے۔

۱ صَدَقَةٌ صدقے کا

۲ وَصِلَةٌ اور صلہ رحمی کا

(ترمذی ' الزکاۃ' باب ماجاء فی الصدقة علی ذی القرابة (٦٥٨) وصحیح ابن ماجه (١٤٩٤)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ الفطر کو واجب قرار دیا ہے اور اس کے دو مقصد بیان فرمائے۔

۱ طُهْرَةٌ لِلصَّائِمِ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ

''تاکہ روزہ دار لغو اور فحش حرکات سے پاک ہو جائے''

۲ وَطُعْمَةٌ لِلْمَسَاكِيْنِ

''اور مساکین کو کھانے کا سامان مل جائے''

(ابو داؤد' الزکاۃ' باب زکاۃ الفطر (١٦٠٩) حدیث حسن ارواء الغلیل (٨٤٣)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر روز صبح آسمان سے دو فرشتے نازل ہوتے ہیں اور دعا کرتے ہیں ایک کہتا ہے۔

۱ اَللّٰهُمَّ أَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا

''اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اس کا بدلہ دے''

۲ اَللّٰهُمَّ أَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا

''اے اللہ: ہاتھ روک لینے والے بخیل کے مال کو ہلاک کر دے''

(بخاری ' الزکاۃ' باب قول الله تعالیٰ (فأما من اعطی واتقی ...... الخ (١٤٤٢) ومسلم (١٠١٠)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ام کرز کعبیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم عقیقہ کے متعلق فرما رہے تھے)

((عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ))

''لڑکے کی طرف سے دو برابر بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری قربان کی جائے''

صحیح ابی داؤد 'الضحایا' باب فی العقیقۃ (۲۴۵۸)

❁......❁......❁

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جب پانی دو قلے (تقریباً پانچ من) کے برابر ہو تو نجاست کو قبول نہیں کرتا''

(ترمذی 'الطہارۃ' (۶۷) صحیح عند الالبانی ارواء الغلیل (۱/۷۰)

❁......❁......❁

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو لعنت کا سبب بننے والی جگہوں سے اجتناب کرو۔''

1. الَّذِيْ يَتَخَلّٰى فِيْ طَرِيْقِ النَّاس

''لوگوں کے راستے میں قضائے حاجت سے''

2. أَوْ فِيْ ظِلِّهِمْ

''اور لوگوں کے بیٹھنے' آرام کرنے کی سایہ دار جگہ میں''

(مسلم 'الطہارۃ' باب النہی عن التخلی فی الطرق والظلال (۲۶۹) و ابوداؤد (۲۵)

❁......❁......❁

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیشہ بوڑھے آدمی کا دل دو باتوں میں جوان ہی رہتا ہے۔

1. فِيْ حُبِّ الدُّنْيَا — دنیا کی محبت
2. وَطُوْلِ الْاَمَلِ — اور لمبی اُمید میں

(بخاری 'الرقاق' باب من بلغ ستین سنۃ فقد اعذ اللہ الیہ فی العمر (۶۴۲۰) و مسلم (۱۰۴۶)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

''جب میں اپنے کسی بندے کو اس کے دو محبوب اعضاء (یعنی آنکھوں) کے بارے میں آزماتا ہوں (یعنی نابینا کر دیتا ہوں) اور وہ صبر کرتا ہے تو اس کے بدلے میں' میں اسے جنت دیتا ہوں۔''

(بخاری' المرضی' باب فضل من ذهب بصره (۵۲۵۳)

❁......❁......❁

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو نعمتیں ایسی ہیں جن کے متعلق اکثر لوگ نقصان میں ہیں۔

1. اَلصِّحَّةُ — صحت
2. وَالْفَرَاغُ — اور فراغت

(بخاری' الرقاق' باب الصحة و الفراغ ولا عيش إلَّا عيش الآخرة (۷۴۱۲)

❁......❁......❁

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دو آدمی ایسے ہیں جن کی نماز ان کے سروں سے تجاوز نہیں کرتی۔

1. عَبْدٌ أَبَقَ مِنْ مَوَالِيْهِ حَتَّى يَرْجِعَ

''ایسا غلام جو اپنے مالکوں سے بھاگ گیا ہو حتی کہ وہ واپس لوٹ آئے''

2. وَامْرَأَةٌ عَصَتْ زَوْجَهَا حَتَّى تَرْجِعَ

''وہ عورت جو اپنے شوہر کی نافرمان ہو حتی کہ وہ (اطاعت کی طرف) لوٹ آئے''۔

(صحيح الترغيب' النكاح' (۱۹۴۸)

❁......❁......❁

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک دو قطروں اور دو نشانوں سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1 قَطْرَةُ دُمُوْعٍ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ

''آنسوؤں کا وہ قطرہ جو خوف الٰہی میں گرے''

2 وَقَطْرَةُ دَمٍ تُهْرَاقُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

''اور خون کا وہ قطرہ جو راہ الٰہی (جہاد) میں گرے''

اور دو نشان یہ ہیں:

1 فَأَثَرٌ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

''وہ نشان جو میدان جہاد میں لگے''

2 وَأَثَرٌ فِي فَرِيْضَةٍ مِنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ

''اور وہ نشان جو فرائض الٰہی ادا کرتے وقت پڑے''

(ترمذی، فضائل الجهاد، باب ما جاء في فضل المرابط (١٦٦٩) حسن عند الالبانی)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دو دو سنہرے اقوال

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ دو چیزیں آدمی کی عزت کا سبب بنتی ہیں۔

1. عِزُّ الدُّنْيَا بِالْمَالِ — دنیا کی عزت مال سے
2. وَعِزُّ الْآخِرَةِ بِصَالِحِ الْأَعْمَالِ — آخرت کی عزت نیک اعمال سے

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا قول ہے

1. هَمُّ الدُّنْيَا ظُلْمَةٌ فِي الْقَلْبِ
دنیا کا غم دل میں تاریکی پیدا کرتا ہے
2. وَهَمُّ الْآخِرَةِ نُورٌ فِي الْقَلْبِ
اور آخرت کا غم دل میں نور پیدا کرتا ہے

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے

1. مَنْ كَانَ فِي طَلَبِ الْعِلْمِ كَانَتِ الْجَنَّةُ فِي طَلَبِهِ
"جو دینی علم کے حصول کی تلاش میں رہتا ہے جنت اس کی طلبگار رہتی ہے۔"
2. مَنْ كَانَ فِي طَلَبِ الْمَعْصِيَةِ كَانَتِ النَّارُ فِي طَلَبِهِ
"اور جو بندہ نافرمانی کی تلاش میں رہتا ہے جہنم اس کی طلبگار رہتی ہے۔"

❀ ...... ❀ ...... ❀

بعض زاہدوں کا قول ہے

1. مَنْ اَذْنَبَ ذَنْبًا وَّ هُوَ يَضْحَكُ فَاِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُهُ النَّارَ وَهُوَ يَبْكِي
"جو بندہ گناہ کر کے ہنستا ہے یقیناً اللہ اسے جہنم میں داخل کر دیں گے اور پھر وہ روئے گا۔"
2. وَمَنْ اَطَاعَ وَهُوَ يَبْكِي فَاِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ وَهُوَ يَضْحَكُ
"اور جس نے اطاعت کی اور (اپنے گناہ پر) رویا یقیناً اللہ تعالیٰ اسے جنت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں داخل کر دے گا اور پھر وہ ہنسے گا۔"

❁ بعض لوگوں کا قول ہے کہ

❶ کُفْرَانُ النِّعْمَةِ لَوْمٌ

نعمتوں کی ناشکری باعث ملامت ہے۔

❷ وَصُحْبَةُ الْاَحْمَقِ شُوْمٌ

اور احمق کی ہم نشینی نحوست ہے۔

❁ ..... ❁ ..... ❁

❁ دو چیزیں دو چیزوں کے زائل ہونے کا سبب ہیں:

❶ آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ

علم کی آفت بھولنا ہے

❷ اَلْعُجْبُ آفَةُ اللُّبِّ

قلب و عقل کی آفت خود پسندی ہے

❁ ..... ❁ ..... ❁

❁ بعض حکماء کا قول ہے کہ:

❶ اَلصِّدْقُ يُنْجِيْ — سچ نجات دلاتا ہے

❷ وَالْكِذْبُ يُهْلِكُ — اور جھوٹ ہلاکت میں ڈالتا ہے

❁ ..... ❁ ..... ❁

❁ بعض عقلاء کا قول ہے:

❶ اِذَا فَاتَكَ الْاَدَبُ فَالْزَمِ الصَّمْتَ

"جب آدمی ادب سے محروم ہو تو سکوت اختیار کرے۔"

❷ اِذَا فَاتَكَ الْحَيَاءُ فَافْعَلْ مَاشِئْتَ

"جب آدمی بے حیا ہوتا ہے تو جو چاہتا ہے کرتا ہے۔"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❁ جاہل اور عاقل کی طلب

۱ اَلْجَاهِلُ يَطْلُبُ الْمَالَ

''جاہل ہمیشہ مال کی تلاش میں رہتا ہے''

۲ والْعَاقِلُ يَطْلُبُ الْكَمَالَ

''اور عاقل ہمیشہ درجہ کمال تلاش کرتا ہے''

❁......❁......❁

❁ نجات اور سلامتی کی دو باتیں:

۱ مَنْ سَكَتَ سَلِمَ

''جس نے (فضولیات سے) خاموشی اختیار کی وہ (برائیوں سے) محفوظ ہو گیا''

۲ وَمَنْ سَلِمَ نَجَا

''اور جس نے سلامتی (یا فرمانبرداری) اختیار کی وہ نجات پا گیا''

❁......❁......❁

❁ جسم اور روح کی صحت کا راز:

۱ صِحَّةُ الْجِسْمِ فِي قِلَّةِ الطَّعَامِ

''قلت طعام جسم کی صحت کا راز ہے''

۲ وَصِحَّةُ الرُّوْحِ فِي اجْتِنَابِ الْآثَامِ

''گناہوں سے اجتناب روح کی صحت کا راز ہے''

❁......❁......❁

❁ زاہدین میں سے شیخ مطیع الرحمٰن کا قول ہے وہ مناجات الٰہی میں فرماتے ہیں اے اللہ! ہمیں دو نعمتوں سے نواز:

۱ نِعْمَةُ الصِّحَّةِ   صحت وتندرستی کی نعمت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴ وَنِعْمَةُ الدِّيْنِ اور دین کی نعمت

اور اے اللہ! ہمیں دو زیوروں سے آراستہ کر

۱ قَلْبٌ رَحِيْمٌ مہربان دل

۲ وَعَقْلٌ حَكِيْمٌ دنا عقل

اور اے اللہ! ہمیں دو لذتوں سے محروم نہ کر

۱ لَذَّةُ مُنَاجَاتِكَ

''تیری مناجات کی لذت''

۲ وَلَذَّةُ رُؤْيَةِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ

''اور تیرے بزرگی والے چہرے کے دیدار کی لذت''

اور اے اللہ! ہمیں دو قسم کی حلاوت نصیب فرما۔

۱ حَلَاوَةُ الْقُرآنِ الْكَرِيْمِ قرآن کریم کی حلاوت (مٹھاس)

۲ وَحَلَاوَةُ شَهْرٍ عَظِيْمٍ اور رمضان المبارک کی برکات کی حلاوت

❁......❁......❁

سب سے افضل اور سب سے جاہل بندے کی پہچان اور سوچ

۱ اَفْضَلُ النَّاسِ مَنْ كَانَ بِعَيْبِهِ بَصِيْرًا وَّ عَنْ عَيْبِ غَيْرِهِ ضَرِيْرًا

''سب سے افضل لوگوں میں سے وہ آدمی ہے جو اپنے عیبوں پر بصیرت رکھتا ہے اور دوسروں کے عیبوں کے دیکھنے میں نابینا ہوتا ہے۔''

۲ اَجْهَلُ النَّاسِ مَنْ يَّمْنَعُ الْبِرَّ وَيَطْلُبُ الشُّكْرَ وَيَفْعَلُ الشَّرَّ وَيَتَوَقَّعُ الْخَيْرَ

''اور لوگوں میں سب سے زیادہ جاہل بندہ وہ ہے جو نیکی سے روکتا ہے اور شکریہ کا طلبگار رہتا ہے اور برائی کو کرتا ہے اور خیر کی توقع رکھتا ہے۔''

❁......❁......❁

بعض حکماء کا قول ہے کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❶ مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ

جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا

❷ مَنْ لَّمْ يَقْنَعْ لَمْ يَشْبَعْ

جو قناعت نہیں کرتا وہ کبھی سیر نہیں ہوتا

❁ دو مفید باتیں:

❶ مَنْ اَحَبَّ شَيْئًا اَكْثَرَ ذِكْرَهُ

''جو جس سے محبت کرتا ہے وہ اس کا ذکر کثرت سے کرتا ہے''

❷ مَنْ وَقَّرَ اَبَاهُ طَالَتْ اَيَّامُهُ

''جو والدین کی تکریم کرتا ہے اس کی عمر لمبی ہوتی ہے۔''

❁ عقلاء کے لیے دو سنہری قول:

❶ عِلْمٌ بِلَا عَمَلٍ كَحِمْلٍ عَلٰى جَمَلٍ

''بغیر عمل کے علم اونٹ پر بوجھ کی مانند ہے''

❷ سُلْطَانٌ بِلَا عَدْلٍ كَنَهْرٍ بِلَا مَآءٍ

''بغیر عدل و انصاف کے بادشاہ اس نہر کی مانند ہے جس میں پانی نہیں۔''

❁ دو آوازیں بدترین آوازیں ہیں:

❶ راگ کی ❷ نوحہ کی

پوری دنیا میں دو مذہب ہیں:

❶ نیک ❷ بد

دو چیزیں ایسی ہیں جن کی زیادتی قیمت کا خیال نہ کرو:

❶ کتاب اگر دل پسند ہو ❷ دوا اگر فائدہ مند ہو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ دو چیزیں بہترین ہیں:

1. اَلْوَرْعُ — پرہیزگاری
2. اَلتَّفَکُّرُ — غور و فکر کرنا

فضل بن عیاض رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ دو چیزیں دل کو تاریک کر دیتی ہیں:

1. کَثْرَۃُ الْکَلَامِ — زیادہ بولنا
2. وَکَثْرَۃُ الْاَکْلِ — زیادہ کھانا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِی

دوسری فصل

بَابُ الثُّلاثِی

تین تین چیزوں کا بیان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلدستہ احادیث سے تین تین چیزیں

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔

1. اَلْعَاقُّ لِوَالِدَیْهِ — والدین کا نافرمان
2. وَالْمُدْمِنُ عَلَی الْخَمْرِ — ہمیشہ شراب نوشی کرنے والا
3. وَالْمَنَّانُ بِمَا اَعْطٰی — اور کچھ دے کر احسان جتلانے والا

(نسائی' الزکاۃ' باب المنان بما اعطی (۲۵۶۲) صحیح الترغیب (۲۰۷۰)

❁......❁......❁

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ایسے ہیں جن کی اللہ تعالیٰ نہ تو نفلی عبادت قبول فرماتے ہیں اور نہ ہی فرضی۔

1. عَاقٌّ — والدین کا نافرمان
2. مَنَّانٌ — احسان جتلانے والا
3. وَمُکَذِّبٌ بِالْقَدْرِ — اور تقدیر کو جھٹلانے والا

(صحیح الترغیب' البر و الصلۃ' باب الترھیب من عقوق الوالدین (۲۵۱۳))

❁......❁......❁

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین بندے ایسے ہیں جن کی دعا رد نہیں کی جاتی۔

1. اَلصَّائِمُ حَتّٰی یُفْطِرَ — روزہ دار حتیٰ کہ وہ افطار کرے
2. وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ — عادل حکمران
3. وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ — مظلوم کی دعا

مظلوم کی دعا کو اللہ تعالیٰ روزِ قیامت بغیر بادلوں کے اٹھائیں گے اور اس کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیے آسمان کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ فرمائیں گے میری عزت کی قسم! میں ضرور تمہاری مدد کروں گا اگرچہ کچھ دیر بعد ہی کروں۔

(ترمذی' الدعوات' باب في سبق المفردون (۳۵۹۸) ابن ماجہ (۱۷۵۲))

❁......❁......❁

❁ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں جس کے اندر ہوں وہ منافق ہے۔

۱ إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ — جب وہ بات کرے تو جھوٹ بولے

۲ وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ — اور جب وہ وعدہ کرے تو وعدہ خلافی کرے

۳ وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ — اور جب اسے امین بنایا جائے تو خیانت کرے

(مسلم' الایمان' باب خصال المنافق (۵۹) و البخاری (۳۳))

❁......❁......❁

❁ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین وصیتیں فرمائی تھیں۔

۱ صِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ — میں ہر ماہ تین دن کے روزے رکھ لیا کروں

۲ وَرَكْعَتَيِ الضُّحٰى — نماز اشراق و چاشت کی دو رکعتیں پڑھوں

۳ وَأُوْتِرُ قَبْلَ أَنْ أَنَامَ — اور سونے سے پہلے وتر پڑھ لیا کروں

(بخاری' صلاۃ المسافرین' باب استحباب صلاۃ الضحی (۱۹۸۱) و مسلم (۷۲۱))

❁......❁......❁

❁ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب انسان فوت ہو جاتا ہے تو تین اعمال کے سوا اس کے تمام اعمال منقطع ہو جاتے ہیں۔

۱ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ — صدقہ جاریہ

۲ أَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ — ایسا علم جس سے لوگ فائدہ اٹھاتے ہوں

۳ أَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُوْلَهُ — نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی رہے۔

(مسلم (۱۶۳۱)' ابو داؤد' الوصایا' باب ما جاء في الصدقة عن الميت (۲۸۸۰))

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین قسم کی دعائیں قبول کی جاتی ہیں ان کی قبولیت میں کوئی شک نہیں ہے۔

1. دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ — مظلوم کی دعا
2. وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ — اور مسافر کی دعا
3. وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلَى وَلَدِهِ — اور باپ کی اپنے بیٹے کے حق میں دعا

(ترمذی، البر والصلة، باب ما جاء في دعوة الوالدين (۱۹۰۵) صحيح الجامع الصغير (۳۰۳۱)

❁......❁......❁

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمیوں کی طرف روز قیامت اللہ تعالیٰ نظر رحمت نہیں فرمائیں گے۔

1. اَلْعَاقُ لِوَالِدَيْهِ — والدین کا نافرمان
2. وَالْمَرْأَةُ الْمُتَرَجِّلَةُ — مردوں کی مشابہت کرنے والی عورت
3. وَالدَّيُّوثُ — اور دیوث

(جو اپنے گھر میں بے حیائی اور بے پردگی کو برقرار رکھے)

(نسائی، الزكاة، باب المنان بما اعطىٰ (۲۵٦۲) الصحيحه (٦٧٤)

❁......❁......❁

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے تین چیزوں کو ناپسند کیا ہے۔

1. قِيلَ وَقَالَ — بہت زیادہ باتیں کرنا
2. وَإِضَاعَةَ الْمَالِ — اور مال کو ضائع کرنا
3. وَكَثْرَةَ السُّوَالِ — اور کثرت سے سوال کرنا

(بخاری، الاداب، باب عقوق الوالدين من الكبائر، (۵۹۷۵) و مسلم (۵۹۳))

❁......❁......❁

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسجدوں کے سوا کسی کے لیے رخت سفر نہ باندھا جائے۔

۱ اَلْمَسْجِدِ الْحَرَامِ — مسجد حرام (بیت اللہ' مکہ)

۲ وَمَسْجِدِ الرَّسُوْلِ — مسجد نبوی (مدینۃ المنورہ)

۳ وَمَسْجِدِ الْاَقْصٰی — مسجد اقصیٰ (بیت المقدس۔ فلسطین)

(بخاری' فضل الصلاۃ فی مکۃ والمدینۃ' باب فضل الصلاۃ ...... (۱۱۸۹))

❁ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تین اوقات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں نماز پڑھنے اور میت کو دفن کرنے سے روکتے تھے (وہ یہ ہیں)

۱ حِیْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتّٰی تَرْتَفِعَ

جب آفتاب طلوع ہو رہا ہو تا آنکہ بلند ہو جائے۔

۲ وَحِیْنَ یَقُوْمُ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ حَتّٰی تَمِيْلَ الشَّمْسُ

جب سورج نصف آسمان پر ہو تاوقتکہ ڈھل جائے۔

۳ وَحِیْنَ تَضَيَّفُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوْبِ حَتّٰی تَغْرُبَ

جس وقت سورج غروب ہونا شروع ہو حتیٰ کہ غروب ہو جائے۔

(مسلم' صلاۃ المسافرین' باب الاوقات التی نهی عن الصلاۃ فیها (۸۳۱) وابو داود (۳۱۹۲))

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ایسے ہیں کہ ان کی مدد کرنا اللہ تعالیٰ پر حق ہے

۱ اَلْمُكَاتَبُ الَّذِیْ يُرِيْدُ الْاَدَاءَ

مکاتب غلام جو (مکاتبت کی مقررہ) رقم ادا کرنا چاہتا ہے

۲ وَالنَّاكِحُ الَّذِیْ يُرِيْدُ الْعَفَافَ

ایسا نکاح کرنے والا جو پاک دامنی چاہتا ہے

۳ وَالْمُجَاهِدُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیسرا اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا

(ترمذی، فضائل الجهاد، باب ما جاء في الجهاد (١٦٥٥)، صحيح الترغيب (١٩١٧))

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین کام جاہلیت کے ہیں:

1. اَلْفَخْرُ بِالْاَحْسَابِ — حسب پر فخر کرنا
2. وَالطَّعْنُ فِي الْاَنْسَابِ — نسب میں طعن کرنا
3. وَالنِّيَاحَةُ — اور نوحہ کرنا

(صحيح الجامع الصغير (٣٠٥٥))

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نحوست کا ذکر فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر نحوست ہوتی تو ان (تین) چیزوں میں ہوتی۔

1. اَلدَّارُ — گھر
2. وَالْمَرْاَةُ — عورت
3. وَالْفَرَسُ — گھوڑا

(بخاری، النكاح، باب ما يتقى من شؤم المراة (٥٠٩٤))

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی مکلّف نہیں۔

1. عَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ — سویا ہوا شخص حتیٰ کہ بیدار ہو جائے
2. وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتّٰى يَحْتَلِمَ — بچہ حتیٰ کہ وہ بالغ ہو جائے
3. وَعَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يَعْقِلَ — پاگل حتیٰ کہ اس کی عقل لوٹ آئے

(صحيح ابی داؤد، الحدود، باب في المجنون يسرق او يصب حدا (٣٧٠٣))

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لعنت کے تین اسباب سے اجتناب کرو۔

1. اَلْبَرَازُ فِی الْمَوَارِدِ گھاٹیوں پر
2. وَقَارِعَةُ الطَّرِیْقِ شاہراہ عام پر
3. وَالظِّلُّ اور سائے کے نیچے قضائے حاجت سے بچو

(ابو داؤد' الطہارۃ' باب المواضع التی نہی عن البول فیھا (۲٦) حسن ارواء الغلیل (٦۲))

❀......❀......❀

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں ہر مسلمان پر حق ہیں (یعنی ضروری ہیں)

1. اَلْغُسْلُ یَوْمُ الْجُمْعَةِ جمعہ کے دن غسل کرنا
2. وَالسِّوَاكُ مسواک کرنا
3. وَالطِّیْبُ اور خوشبو لگانا

(صحیح الجامع الصغیر (۳۰۲۸))

❀......❀......❀

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجلسیں امانت ہوتی ہیں مگر تین مجلسیں اس ضمن میں نہیں آتیں۔

1. سَفْكُ دَمٍ حَرَامٍ حرام خون کا بہانہ
2. اَوْ فَرْجٌ حَرَامٌ حرام شرمگاہ
3. اَوِ اقْتِطَاعُ مَالٍ بِغَیْرِ حَقٍّ ناحق مال لوٹنا

(ابو داؤد (٤۷۷۹))

❀......❀......❀

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں جن کی حقیقت بھی حقیقت ہے اور جن کا مذاق بھی حقیقت ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1. اَلنِّكَاحُ — نکاح
2. وَالطَّلَاقُ — طلاق
3. وَالرَّجْعَةُ — رجوع

(ابوداؤد، الطلاق، باب فی الطلاق علی الہزل (۲۱۹٤))

❁ سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین اشخاص کی نماز ان کے کانوں کے اوپر تجاوز نہیں کرے گی۔

1. اَلْعَبْدُ الْاٰبِقُ حَتّٰى يَرْجِعَ
"بھاگا ہوا غلام یہاں تک کہ وہ واپس آ جائے۔"

2. وَامْرَأَةٌ بَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَلَيْهَا سَاخِطٌ
"ایسی بیوی جو خاوند کی ناراضگی میں رات گزارے۔"

3. وَإِمَامُ قَوْمٍ وَهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ
"ایسا قوم کا امام جس کے مقتدی اسے ناپسند کرتے ہوں۔"

(ترمذی، الصلاۃ، باب ما جاء فی من ام قوما وھم لہ کارھون (۳٦۰)، وابن ماجہ (۹۷۱))

❁ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بندہ کہتا ہے میرا مال۔ میرا مال۔ بلاشبہ اسے اس کے مال سے تین طرح کا فائدہ ہوتا ہے۔

1. مَا أَكَلَ فَأَفْنٰى — جو اس نے کھالیا اور اسے ختم کرلیا
2. أَوْ لَبِسَ فَأَبْلٰى — جو اس نے پہن لیا اور اسے بوسیدہ کرلیا
3. أَوْ أَعْطٰى فَاقْتَنٰى — جو اس نے اللہ کی راہ میں دیا اور محفوظ کرلیا

(مسلم، الزھد، باب الدنیا سجن للمؤمن ...... (۷٤۲۲))

❁ سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین کام نجات

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دینے والے ہیں۔

❶ خَشْيَةُ اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ خفیہ اور اعلانیہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنا

❷ وَالْقَصْدُ فِي الْفَقْرِ وَالْغِنَى فقیری اور امیری میں میانہ روی اختیار کرنا

❸ وَالْعَدْلُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا غضب اور رضا ہر حال میں عدل و انصاف سے کام لینا

(صحيح الجامع الصغير (٣٩٢٩))

❁......❁......❁

❁ سیدنا عیاض بن حمار مجاشعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز اپنے خطبے میں ارشاد فرمایا۔ کہ جنت میں داخل ہونے والے لوگ تین طرح کے ہیں۔

① ذُوْ سُلْطَانٍ مُقْسِطٌ مُتَصَدِّقٌ مُوَفَّقٌ

”حکمران۔ انصاف کرنے والا۔ سچ بولنے والا نیک کاموں کی توفیق دیا گیا۔“

② وَرَجُلٌ رَقِيْقُ الْقَلْبِ لِكُلِّ ذِي قُرْبٰى

”ہر قرابت والے اور مسلمان کے لیے نرم دل۔“

③ وَعَفِيْفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُوْ عِيَالٍ

”پاک دامن اور فقر و فاقے کے باوجود سوال سے بچنے والا۔“

(مسلم' الجنة و نعيمها' باب الصفات التي يعرف ...... (٢٨٦٥))

❁......❁......❁

❁ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قاضی تین طرح کے ہیں جن میں سے ایک جنت میں اور دو جہنم میں جائیں گے جو جنت میں جائے گا وہ ایسا شخص ہے۔

❶ فَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَقَضٰى بِهٖ

”جس نے حق جان لیا اور اس کے مطابق فیصلہ کیا۔“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲ وَرَجُلٌ عَرَفَ الْحَقَّ فَجَارَ فِي الْحُكْمِ

"جس نے حق کو جان لیا مگر فیصلے میں ظلم کیا۔"

۳ وَرَجُلٌ قَضَى لِلنَّاسِ عَلَى جَهْلٍ

"جس نے (بغیر تحقیق و تفتیش کے) جہالت پر ہی لوگوں کا فیصلہ کر دیا۔"

(ابو داؤد (۳۵۷۳) القضاء' باب فی طلب القضاء)

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا:

اے ابوذر رضی اللہ عنہ! تو مہینے میں تین روزے رکھا کر' چاند کی۔

۱ فَصُمْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ (چاند کی) تیرہ کو روزہ رکھ

۲ وَأَرْبَعَ عَشْرَةَ اور چودہ کو

۳ وَخَمْسَ عَشْرَةَ اور پندرہ کو

(ترمذی' الصیام' باب ما جاء فی صوم ثلاثة من کل شهر (۷٦۱) وصحیح ترمذی (٦۰۸))

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن تین شخص ایسے ہوں گے جن سے اللہ نہ تو کلام فرمائیں گے نہ ان کی طرف (نظر رحمت سے) دیکھیں گے اور نہ انہیں (گناہوں سے) پاک کریں گے ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہی فرمایا: میں نے عرض کیا یہ لوگ ذلیل و خوار ہو گئے۔ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کون ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

۱ اَلْمُسْبِلُ ٹخنوں سے نیچے شلوار' تہبند لٹکانے والا

۲ وَالْمَنَّانُ احسان جتلانے والا

۳ وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ

جھوٹی قسم اٹھا کر اپنا سامان بیچنے والا

(ابو داؤد' اللباس باب ما جاء فی اسبال الازار (۴۰۸۷) و مسلم (۱۰٦))

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❀ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: برکت تین اشیاء میں ہے:

❶ فِي الْجَمَاعَةِ — جماعت میں
❷ وَالثَّرِيْدِ — ثرید کے کھانے میں
❸ وَالسُّحُوْرِ — اور سحریوں میں

(صحيح الترغيب (١٠٧٥))

❀……❀……❀

❀ حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین بندے جن کی اللہ تعالیٰ نماز کو قبول نہیں کرتے۔

① مَنْ تَقَدَّمَ قَوْمًا وَهُمْ لَهُ كَارِهُوْنَ
جو شخص امامت کے لیے آگے بڑھے لیکن لوگ اسے ناپسند کرتے ہوں

② وَرَجُلٌ أَتَى الصَّلَاةَ دِبَارًا اور ایسا شخص جو نماز لیٹ پڑھتا ہے

③ وَرَجُلٌ اعْتَبَدَ مُحَرَّرَةً اور ایسا شخص جس نے آزاد کو غلام بنالیا

(صحيح ابي داؤد (٥٥٤) وابن ماجه، اقامة الصلوات، باب من امّ قومًا وهم له كارهون (٩٧٠))

❀……❀……❀

❀ حضرت ابو کبشہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: تین باتوں پر میں قسم اٹھاتا ہوں اور میں تمہیں ایک حدیث بیان کرتا ہوں اسے یاد کرلو۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

❶ مَا نَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِنْ صَدَقَةٍ
''صدقے سے بندے کے مال میں کمی نہیں آتی''

❷ وَلَا ظُلِمَ عَبْدٌ مَظْلَمَةً صَبَرَ عَلَيْهَا إِلَّا زَادَهُ اللهُ عِزًّا
''اور جس بندے پر بھی ظلم کیا گیا اور اس نے صبر کیا تو اللہ تعالیٰ اسے عزت وشرف میں بڑھادیں گے''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳ وَلَا فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْأَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ

''اور جس بندے نے بھی سوال کا دروازہ کھولا تو اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیں گے''

(صحیح الترغیب (۸۶۹) و ترمذی' الزهد' باب ما جاء مثل الدنیا ...... (۲۳۲۵))

❀ ...... ❀ ...... ❀

❀ حضرت عبداللہ بن معاویہ غاضری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے تین کام کیے اس نے یقیناً ایمان کا ذائقہ چکھ لیا۔

۱ مَنْ عَبَدَ اللّٰهَ وَحْدَهُ وَأَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

''جس نے اللہ کی عبادت کی اور یہ جان لیا کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں''

۲ وَأَعْطَى زَكَاةَ مَالِهِ طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُهُ رَافِدَةً عَلَيْهِ كُلَّ عَامٍ

''اور ہر سال دلی خوشی اور اس کی رغبت وتعاون کے ساتھ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کی''

۳ وَلَا يُعْطِي الْهَرِمَةَ وَلَا الدَّرِنَةَ وَلَا الْمَرِيضَةَ وَلَا الشَّرَطَ اللَّئِيمَةَ وَلٰكِنْ مِنْ وَسَطِ أَمْوَالِكُمْ

''اور زکوٰۃ میں اس نے بوڑھا' میلا کچیلا اور نہ مریض اور نہ ہی باؤلا جانور دیا بلکہ درمیانہ مال دیا''

(صحیح ابی داؤد (۱۴۰۰) و صحیح الترغیب (۷۵۰))

❀ حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین کاموں میں کھیلنا (یعنی ہنسی مذاق) جائز نہیں۔

۱ اَلطَّلَاقُ — طلاق

۲ وَالنِّكَاحُ — نکاح

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❸ وَالْعِتْقُ — اور عتق (یعنی غلام کی آزادی)

(صحیح الجامع الصغیر (۳۰٤۷))

❀ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں مگر ان کی دعا قبول نہیں کی جاتی۔

❶ رَجُلٌ كَانَتْ تَحْتَهُ امْرَأَةٌ سَيِّئَةُ الْخُلُقِ فَلَمْ يُطَلِّقْهَا

''وہ آدمی جس کے نکاح میں کوئی برے اخلاق والی عورت ہے اور وہ اسے طلاق نہیں دیتا''

❷ وَرَجُلٌ كَانَ لَهُ عَلٰى رَجُلٍ مَالٌ فَلَمْ يُشْهِدْ عَلَيْهِ

''وہ آدمی جس کا کچھ مال کسی دوسرے آدمی کے ذمہ ہے لیکن وہ اس پر کسی کو گواہ نہیں بناتا''

❸ وَرَجُلٌ آتَى سَفِيْهًا مَالَهُ

''وہ آدمی جو کسی بے وقوف کو اپنا مال دیتا ہے۔''

''حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اپنے اموال بے وقوفوں کو مت دو''

(صحیح الجامع الصغیر (۳۰۷۵) والصحیحة (۱۸۰۵))

❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص میں تین چیزیں پائی جائیں تو اس نے ایمان کی مٹھاس کو پالیا۔

❶ اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا

''اللہ اور اس کا رسول اس کو ہر چیز سے زیادہ محبوب ہوں''

❷ وَاَنْ يُحِبَّ الْمَرْءُ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلّٰهِ

''اور یہ کہ وہ کسی سے صرف اللہ ہی کے لیے محبت کرتا ہو''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳ وَأَنْ يَكْرَهَ أَنْ يَعُوْدَ فِي الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ

"وہ کفر میں لوٹنا اتنا ہی ناپسند کرے جتنا وہ آگ میں پھینکا جانا ناپسند کرتا ہے"

(صحیح بخاری' الایمان' باب حبّ الرسول من الایمان (١٦))

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ اپنے والد گرامی سے بیان کرتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین بندے ایسے ہیں جنہیں دوگنا اجر ملے گا۔

۱ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ آمَنَ بِنَبِيِّهِ وَآمَنَ بِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم

"اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) میں سے ایسا بندہ جو پہلے اپنے نبی پر ایمان لایا پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا۔"

۲ وَالْعَبْدُ الْمَمْلُوْكُ إِذَا أَدَّى حَقَّ اللّٰهِ تَعَالٰى وَحَقَّ مَوَالِيْهِ

"ایسا غلام جو اپنے رب کا بھی حق ادا کرتا ہے اور اپنے مالک کا بھی۔"

۳ وَرَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهُ أَمَةٌ فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ تَأْدِيْبَهَا وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيْمَهَا ثُمَّ أَعْتَقَهَا فَتَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ

"ایسا شخص جس کے پاس لونڈی تھی اس نے اس کو ادب سکھایا' اس کو مہذب بنایا اور اس کو تعلیم دلوائی اور اچھی تعلیم دلوائی پھر اس کو آزاد کر کے اس سے شادی کر لی اس کو بھی دوہرا اجر ملے گا۔"

(صحیح بخاری' العلم' باب تعلیم الرجل امته و اهله (٩٧))

❁......❁......❁

❁ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ اسلام کو تین چیزیں گراتی ہیں:

۱ زَلَّةُ عَالِمٍ — عالم کا بھٹک جانا

۲ وَجِدَالُ الْمُنَافِقِ بِالْقُرْآنِ — منافق کا قرآن کے ساتھ جھگڑا کرنا

۳ وَأَئِمَّةٌ مُضِلُّوْنَ — اور گمراہ کرنے والے حکمران و امام

(الدارمی فی المقدمه (٦٤٧))

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں ایمان کی جڑ (بنیاد) ہیں۔

1. اَلْكَفُّ عَنْ مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا تُكَفِّرْهُ بِذَنْبٍ وَلَا تُخْرِجْهُ مِنَ الْاِسْلَامِ بِعَمَلٍ

"جس شخص نے بھی کلمہ شہادت پڑھا ہے اس کو تکلیف دینے سے رک جانا اور اسے کسی گناہ کی وجہ سے نہ کافر کہنا اور نہ ہی اس کے کسی عمل کی وجہ سے اسے دائرہ اسلام سے خارج کرنا۔"

2. وَالْجِهَادُ مَاضٍ مُنْذُ بَعَثَنِيَ اللّٰهُ اِلٰى اَنْ يُقَاتِلَ آخِرُ اُمَّتِي الدَّجَّالَ لَا يُبْطِلُهُ جَوْرُ جَائِرٍ وَلَا عَدْلُ عَادِلٍ

"اور جہاد جاری رہنے والا ہے جب سے اللہ تعالیٰ نے مجھے نبی بنا کر بھیجا ہے اس وقت تک جب تک کہ میری امت کا آخری بندہ دجال سے قتال نہیں کر لیتا نہ تو کسی کا ظلم اور نہ ہی کسی عادل کا عدل اسے روک سکے گا۔

3. وَالْاِيْمَانُ بِالْاَقْدَارِ اور تقدیر پر ایمان لانا

(ابو داؤد' الجهاد' باب فی الغزو مع ائمة الجور (٢٥٣٢))

❀ ❀ ❀

❀ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمی ایسے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی طرف قیامت کے دن نظر رحمت نہیں فرمائیں گے۔

1. اُشَيْمِطٌ زَانٍ بوڑھا بدکار
2. وَعَائِلٌ مُسْتَكْبِرٌ اور فقیر متکبر
3. وَرَجُلٌ جَعَلَ اللّٰهُ بُضَاعَتَهُ لَا يَشْتَرِي اِلَّا بِيَمِيْنِهِ وَلَا يَبِيْعُ اِلَّا بِيَمِيْنِهِ

"اور ایسا شخص جسے اللہ تعالیٰ نے سامان دے رکھا ہے اور وہ اسے نہیں خریدتا مگر قسم کے ساتھ اور نہ ہی اسے بیچتا ہے مگر صرف قسم کے ساتھ ہی۔"

(صحيح الترغيب' البيوع' باب الترغيب التجار فی الصدق (١٧٨٨))

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ مہاجرین میں سے ایک بندے نے بیان کیا کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تین غزوات میں شریک ہوا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: آپ فرما رہے تھے کہ مسلمان تین چیزوں میں (ایک دوسرے کے) شریک ہیں۔

۱ فِي الْمَاءِ — پانی میں
۲ وَالْكَلَا — گھاس میں
۳ وَالنَّارِ — اور آگ میں

(ابو داود' الاجارة' باب في منع الماء (٣٤٧٧) صحيح ارواء الغليل (٦/٨))

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شفا تین چیزوں میں ہے۔

۱ فِي شَرْطَةِ مِحْجَمٍ — پچھنا لگوانے میں
۲ أَوْ شَرْبَةِ عَسَلٍ — شہد پینے میں
۳ أَوْ كَيَّةٍ بِنَارٍ وَأَنْهَى أُمَّتِي عَنِ الْكَيِّ

''اور آگ سے داغنے میں، مگر میں اپنی امت کو آگ سے داغنے سے منع کرتا ہوں''

(بخاري' الطب' باب الشفاء في ثلاث (٥٦٨١) ابن ماجه (٣٤٩١))

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کا خون حلال نہیں ہے مگر تین میں سے ایک عیب سے۔

۱ اَلنَّفْسُ بِالنَّفْسِ — (قصاص میں) جان کے بدلے جان
۲ وَالثَّيِّبُ الزَّانِي — شادی شدہ زانی
۳ وَالْمُفَارِقُ لِدِيْنِهِ التَّارِكُ لِلْجَمَاعَةِ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے دین کو چھوڑنے والا جماعت کو ترک کرنے والا

(بخاری' الدیات' باب قول الله تعالیٰ (٦٨٧٨) و مسلم (١٦٧٦))

❁......❁......❁

❁ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو روح جسم سے جدا ہوئی اور وہ تین چیزوں سے بری تھی تو وہ جنت میں داخل ہوگی (وہ تین یہ ہیں)

1. مِنَ الْكِبْرِ — تکبر
2. وَالْغُلُوْلِ — خیانت
3. وَالدَّيْنِ — قرض

(ابن ماجه' الصدقات' باب من ادان دينا (٢٤١٢)' صحيح الترغيب (١٣٥١))

❁......❁......❁

❁ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین بندے ایسے ہیں جن سے اللہ تعالیٰ بغض رکھتے ہیں۔

1. اَلشَّيْخُ الزَّانِي — بوڑھا زانی
2. وَالْفَقِيْرُ الْمُخْتَالُ — فقیر متکبر
3. وَالْغَنِيُّ الظَّلُوْمُ — ظالم غنی

(ترمذی' الصفة الجنة' باب احاديث فی صفة الجنة (٢٥٦٨))

❁......❁......❁

❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزوں کا (تحفہ) واپس کرنا درست نہیں۔

1. اَلْوَسَائِدُ — تکیہ
2. وَالدُّهْنُ — خوشبو
3. وَاللَّبَنُ — دودھ

(ترمذی' الادب' باب ما جاء فی كراهية (٢٧٩٠))

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی حسین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ ایک تیر کی وجہ سے اللہ تعالیٰ تین بندوں کو جنت میں داخل کرے گا۔

۱. صَانِعَهُ يَحْتَسِبُ فِي صُنْعَتِهِ الْخَيْرَ اچھی نیک نیت سے بنانے والے کو
۲. وَالرَّامِيَ بِهِ (دشمن) پر چلانے والے کو
۳. مُنَبِّلَهُ (مجاہدین) کو پہنچانے والے کو

(ابو داؤد' الجهاد' باب في الرمي ٢٥١٣)

❁......❁......❁

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے پہلے جو تین بندے جنت میں داخل ہوں گے ان کے متعلق مجھے بتایا گیا (وہ یہ ہیں)

۱. شَهِيدٌ شہید
۲. عَفِيفٌ پاک دامن
۳. مُتَعَفِّفٌ نرم مزاج

(ترمذي' فضائل الجهاد' باب ما جاء في ثواب الشهيد (١٦٤٢) حديث حسن)

❁......❁......❁

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ دنیا کی اشیاء میں سے ان (تین اشیاء) کی محبت مجھے عطا کی گئی ہے۔

۱. اَلنِّسَآءُ عورتیں
۲. وَالطِّيبُ خوشبو
۳. وَجُعِلَ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلَاةِ
اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے

(صحيح نسائي (٣٦٨٠) عشرة النساء' باب حب النساء)

حضرت عبد اللہ بن عبد الرحمٰن بن ابی حسین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ تین چیزیں مجھے پسند ہیں (یعنی تین کھیلیں) اور یہی درست ہیں باقی سب باطل ہیں۔

١	رَمْيَهُ بِقَوْسٍ	تیر اندازی کرنا
٢	وَتَأْدِيبُهُ فَرَسَهُ	اپنے گھوڑے کو سدھانا (سکھانا)
٣	وَمُلَاعَبَتُهُ أَهْلَهُ	اپنے اہل (بیوی) سے کھیلی کرنا

(ترمذی (١٦٣٧) و ابن ماجه، الجهاد، باب الرمی فی سبیل الله (٢٨١١) والصحیحه (٣١٥)

❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَنْ سَأَلَ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ الْجَنَّةُ اللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ))

''جو شخص تین مرتبہ جنت کا سوال کرے تو جنت کہتی ہے اے اللہ! اسے جنت میں داخل فرمادے۔''

((وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ النَّارُ اللّٰهُمَّ أَجِرْهُ مِنَ النَّارِ))

''اور جو شخص تین مرتبہ جہنم سے پناہ مانگے تو جہنم کہتی ہے اے اللہ! اسے جہنم سے بچالے''

(ابن ماجه، الزهد، باب صفة الجنة (٤٣٤٠) صحیح الجامع الصغیر (٣٦٥٤))

❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انصاری عورتوں سے فرمایا:

((لَا يَمُوتُ لِإِحْدَاكُنَّ ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَتَحْتَسِبُهُ إِلَّا دَخَلَتِ الْجَنَّةَ فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ أَوِ اثْنَانِ يَارَسُولَ اللّٰهِ! قَالَ أَوِ اثْنَانِ))

''تم میں سے جس عورت کے تین بچے فوت ہوگئے اور اس نے صبر سے کام لیا تو وہ جنت میں داخل ہوگی۔ ان میں سے ایک عورت نے دریافت کیا'

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا دو بچوں کا بھی یہی حکم ہے......؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں دو بچوں کا بھی یہی حکم ہے''۔

(مسلم' البر والصلة' باب فضل من يموت له (٢٦٣٢) و احمد (٨٩٢٥))

❁ حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے ہے وہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا))

''کسی عورت کے لیے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہو جائز نہیں کہ وہ تین دن سے زیادہ کسی کا سوگ منائے سوائے شوہر کے (کہ اس کا سوگ) چار ماہ دس تک ہے''۔

(بخاری' الطلاق' باب تحد المتوفى عنها اربعة اشهر وعشرا (٥٣٣٤) مسلم (١٤٨٦))

❁ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ:

((كُفِّنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فِي ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ بِيْضٍ سُحُوْلِيَّةٍ مِنْ كُرْسُفٍ لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَلَا عِمَامَةٌ))

''رسول اللہ ﷺ کو سحولیہ کے ساختہ' سوتی' سفید رنگ کے تین کپڑوں میں کفن دیا گیا جن میں قمیض اور پگڑی نہیں تھی''

(بخاری' الجنائز' باب الثياب البيض للكفن (١٢٦٤)' مسلم (٩٤١))

❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((إِذَا أَجْمَرْتُمُ الْمَيِّتَ فَأَجْمِرُوْهُ ثَلَاثًا))

''جب تم میت کو دھونی دو (یعنی خوشبو لگاؤ) تو تین مرتبہ دو''

(احمد (٣٣١/٣) مستدرك حاكم (٣٣٥/١))

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

((أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ ثُمَّ أَتَى قَبْرَ الْمَيِّتِ فَحَثَى عَلَيْهِ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ ثَلَاثًا))

''نبی کریم ﷺ نے ایک نماز جنازہ پڑھائی پھر آپ ﷺ میت کی قبر کے پاس آئے اور آپ ﷺ نے اس کے سر کی جانب سے تین لپ مٹی ڈالی''

(صحیح ابن ماجه (۱۲۷۱) و ابن ماجه' الجنائز' باب ما جاء فی حثو التراب (۱۵٦٥))

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ:

((أَنَّ النَّبِيَّ كَانَ يَأْمُرُ بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ))

نبی کریم ﷺ تین پتھروں کے ساتھ (استنجاء کرنے کا) حکم دیتے تھے''

(صحیح ابی داؤد (٦) و ابن ماجه' الطهارة' باب الاستنجاء بالحجارة (۳۱۳)

❁......❁......❁

❁ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ

((أَنَّ النَّبِيَّ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا))

''نبی کریم ﷺ نے تین تین بار وضو کیا (یعنی اعضاء وضو دھوئے)

(صحیح مسلم (۳۳۰) و ابو داؤد (۱۰٦) الطهارة' باب صفة وضوء النبی ﷺ)

❁......❁......❁

❁ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا کہ:

((لَا يَفْقَهُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ))

''ایسا شخص سمجھدار نہیں ہے جس نے تین راتوں سے کم میں مکمل قرآن پڑھا''

(صحیح أبو داؤد' الصلاة' باب فی کم یقرأ القرآن (۱۲۳۹))

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((مَا مِنْ ثَلَاثَةٍ فِي قَرْيَةٍ وَلَا بَدْوٍ وَلَا تُقَامُ فِيهِمُ الصَّلَاةُ إِلَّا وَقَدِ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَعَلَيْكَ بِالْجَمَاعَةِ))

''کسی بھی بستی یا دیہات میں تین آدمی ہوں اور وہ باجماعت نماز ادا نہ کریں تو شیطان ان پر حملہ کر دیتا ہے اس لیے جماعت کو لازم پکڑو''

(صحیح ابی داؤد (۵۱۱) و احمد (۵/۱۹۶))

✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((إِذَا كَانُوا ثَلَاثَةً فَلْيَؤُمَّهُمْ أَحَدُهُمْ وَأَحَقُّهُمْ بِالْإِمَامَةِ أَقْرَأُهُمْ))

''جب کہیں تین آدمی ہوں تو ان میں سے ایک امامت کرائے اور ان میں سے سب سے زیادہ امامت کا مستحق وہ ہے جو قرآن کا زیادہ قاری ہو''

(صحیح مسلم (۶۷۲) والنسائی (۲/۷۷))

✿ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ تَرَكَ ثَلَاثَ جُمُعَاتٍ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ كُتِبَ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ))

''جس شخص نے تین جمعے بغیر عذر کے چھوڑ دیے تو وہ منافقین میں لکھ دیا جاتا ہے''

(صحیح الجامع الصغیر (۶۱۴۴))

✿ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((نَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْأَضَاحِي فَوْقَ ثَلَاثٍ فَأَمْسِكُوْا مَا بَدَا لَكُمْ))

''میں نے تمہیں تین دن سے زیادہ قربانیوں کے گوشت (ذخیرہ کرنے) سے روکا تھا پس (اب) تم جتنا چاہو (اس میں سے اپنے) کھانے کے لیے روک لو''

ایک دوسری روایت میں ہے کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

((فَكُلُوْا مَا بَدَالَكُمْ وَاَطْعِمُوْا وَادَّخِرُوْا))

''پس (تم اس میں سے) جتنا چاہو خود کھاؤ کھلاؤ اور ذخیرہ کرلو''

(صحیح مسلم الاضاحی' باب بیان ما کان من النھی عن اکل لحوم الاضاحی بعد ثلاث......

(١٩٧٥) و ترمذی (١٥٤٦))

❁......❁......❁

۞ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

((أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا لَعِقَ أَصَابِعَهُ الثَّلاَثَ))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانا کھاتے تو اپنی تین انگلیاں چاٹ لیتے''

(مسلم (٢٠٣٤) و ترمذی' الاطعمة' باب ما جاء فی اللقمة تسقط)

❁......❁......❁

۞ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم اپنے تیر سے شکار کرو اور وہ (شکار) تم سے تین دن غائب رہنے کے بعد ملے تو جب تک وہ بدبودار نہ ہو کھالو''

(مسلم' الصید و الزبائح' باب اذا غاب عنہ الصید ثم وجدہ (١٩٣١)

❁......❁......❁

۞ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

((أَنَّ النَّبِيَّ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الْإِنَاءِ ثَلاَثًا))

''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم برتن میں تین سانس لیتے تھے''

(بخاری' الاشربة' باب الشرب بنفسین او ثلاثة (٥٦٣١) مسلم (٢٠٢٨)

❁......❁......❁

۞ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بازار میں ایک دینار ملا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: ((عَرِّفْهُ ثَلاَثًا)) ''تین مرتبہ اس کا اعلان کرو'' انہوں نے ایسا ہی کیا لیکن اس کا کوئی مالک نہ آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''كُلْهُ'' اسے تم کھالو''

(عبد الرزاق (١٠/١٤٢) (١٨٦٣٧)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نوٹ: یہ معمولی چیز کے متعلق ہے اگر قیمتی اور خاص چیز ہے تو پھر ایک سال اعلان کے ساتھ انتظار کرنا ہوگا۔

❁……❁……❁

❁ سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں سے سب سے بڑھ کر سرکش تین بندے ہیں:

1. مَنْ قَتَلَ فِي حَرَمِ اللّٰهِ — جو کسی کو حرم میں قتل کرے
2. أَوْ قَتَلَ غَيْرَ قَاتِلِهِ — یا اسے قتل کرے جو قاتل نہیں
3. أَوْ قَتَلَ لِذَحْلِ الْجَاهِلِيَّةِ — یا جاہلیت کے انتقام کی وجہ سے قتل کرے

(ابن حبان (۱۳/ ۴۳۰) مسند احمد (۲/ ۱۷۹))

❁……❁……❁

❁ سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ تین بندوں پر لوگوں میں سے غضبناک ہوتا ہے۔

1. مُلْحِدٌ فِي الْحَرَمِ

"حرم میں بے دینی پھیلانے والا۔"

2. وَمُبْتَغٍ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ

"اسلام میں جاہلیت کا طریقہ تلاش کرنے والا۔"

3. وَمُطَّلِبُ دَمِ امْرِیءٍ بِغَيْرِ حَقٍّ لِيُهْرِيْقَ دَمَهٗ

"مسلمان کا خون ناحق بہانے والا۔"

(بخاری، کتاب الدیات، باب من طلب دم امریء بغیر حق (۶۸۸۲))

❁……❁……❁

❁ سیدنا عبد اللہ بن خباب بن ارت رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک لمبی نماز پڑھی آپ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ آپ نے اتنی لمبی نماز کیوں پڑھی ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس میں میں نے اللہ سے تین چیزوں کا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوال کیا تھا اللہ نے مجھے دو چیزیں عطا کر دی ہیں لیکن ایک چیز نہیں دی جو دو چیز عطا کی گئی ہیں وہ یہ ہیں:

۱ أَنْ لَّا يُهْلِكَ أُمَّتِي بِسَنَةٍ

''کہ میری امت کو اچانک عذاب سے ہلاک نہ کرنا''

۲ أَنْ لَّا يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ

''کہ ان پر ان کے غیروں، دشمنوں کو مسلط نہ کرنا''

۳ أَنْ لَّا يُذِيقَ بَعْضَهُمْ بَأْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيهَا

''کہ ان کے بعض کو بعض کے ذریعے عذاب نہ دینا (یعنی تفرقہ بازی سے بچے رہیں / لیکن اللہ تعالیٰ نے یہ چیز مجھے عطا نہیں کی۔''

(ترمذی' کتاب الفتن' باب ما جاء في سؤال النبي ثلاثا في امته (۲۱۷۵))

❁.....❁.....❁

❁ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تین چیزوں میں) مقابلہ بازی درست ہے۔

۱ فِي خُفٍّ — اونٹوں میں

۲ أَوْ نَصْلٍ — یا تیراندازی میں

۳ أَوْ حَافِرٍ — یا گھڑ دوڑ میں

(ابو داؤد' الجهاد' باب في السبق (۲۵۷٤) وابن ماجه (۲۸۷۸))

ابن حبان (۴۶۹۰) شیخ البانی رحمہ اللہ نے اسے صحیح کہا ہے۔

❁.....❁.....❁

❁ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی (تین قسم کے) کتے کے علاوہ کتا رکھے گا اس کے اجر سے روزانہ ایک قیراط کی کمی کی جائے گی۔

۱ كَلْبَ مَاشِيَةٍ — مویشیوں کی حفاظت کے لیے

۲ أَوْ صَيْدٍ — شکار کے لیے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❸ أَوْ ذَرْعٍ ـــ کھیتی کی حفاظت کے لیے

(بخاری' المزارعة' باب اقتناء الکلب للحرث (۲۳۲۲) و مسلم (۱۵۷۵))

❁ .... ❁ .... ❁

❁ سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں اولادِ آدم کی خوش بختی سے ہیں اور تین بدبختی سے ہیں اولادِ آدم کی خوش بختی کی تین چیزیں یہ ہیں:

❶ اَلْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ ـــ صالح بیوی
❷ وَالْمَسْكَنُ الصَّالِحُ ـــ صالح رہائش
❸ وَالْمَرْكَبُ الصَّالِحُ ـــ صالح سواری

اور اولادِ آدم کی بدبختی کی تین چیزیں یہ ہیں:

❶ اَلْمَرْأَةُ السُّوْءُ ـــ بری بیوی
❷ وَالْمَسْكَنُ السُّوْءُ ـــ بری رہائش
❸ وَالْمَرْكَبُ السُّوْءُ ـــ بری سواری

(احمد (۱/۱۶۸) و صحیح ترغیب' النکاح (۱۹۱۴))

❁ .... ❁ .... ❁

❁ سیدنا ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزوں کی قیمت سے منع فرمایا ہے (یعنی ان کا کھانا حرام ہے)

❶ مِنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ ـــ کتے کی قیمت
❷ وَمَهْرِ الْبَغِيِّ ـــ زانیہ کا مہر
❸ وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ ـــ کاہن کی شرینی

(بخاری' البیوع' باب ثمن الکلب' و مسلم' المساقاة (۱۵۶۷) و ابو داؤد (۳۴۸۱))

❁ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: تین آدمیوں سے روزِ قیامت میں خود مقدمہ لڑوں گا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❶ رَجُلٌ أَعْطٰى بِيْ ثُمَّ غَدَرَ

''وہ آدمی جس نے میرا نام لے کر عہد و پیمان باندھا پھر اسے توڑ دیا''

❷ وَرَجُلٌ بَاعَ حُرًّا فَأَكَلَ ثَمَنَهُ

''اور وہ آدمی جو کسی آزاد کو فروخت کرتا ہے اور اس کی قیمت کھاتا ہے''

❸ وَرَجُلٌ اسْتَأْجَرَ أَجِيْرًا فَاسْتَوْفٰى مِنْهُ وَلَمْ يُعْطِهِ أَجْرَهُ

''اور وہ آدمی جو مزدور کو مزدوری پر مقرر کرتا ہے اور مزدوری اس سے پوری لیتا ہے لیکن اسے اجرت نہیں دیتا۔''

(بخاری' الاجارۃ' باب اثم من منع اجر الاجیر (۲۲۲۷))

✿ حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (تین بندوں کو میں جنت کی ضمانت دیتا ہوں)

❶ أَنَا زَعِيْمٌ بِبَيْتٍ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَإِنْ كَانَ مُحِقًّا

''میں ضمانت دیتا ہوں جو شخص حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دے گا اسے جنت کے گردونواح میں گھر ملے گا۔''

❷ وَبِبَيْتٍ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَإِنْ كَانَ مَازِحًا

''اور (میں ضمانت دیتا ہوں) جو مذاق کرتے وقت بھی جھوٹ کو چھوڑ دے گا اسے جنت کے وسط میں گھر ملے گا''

❸ وَبِبَيْتٍ فِيْ أَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ

''اور (میں ضمانت دیتا ہوں) جس شخص کا اخلاق اچھا ہوگا اسے جنت کے اوپر والے حصے میں گھر ملے گا''

(ابو داؤد' کتاب الادب (٤٨٠٠) و صحیح الترغیب (١٣٩))

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تین تین سنہرے اقوال

❀ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ تین چیزیں تین چیزوں کے سبب نہیں پائی جاسکتیں۔

❶ اَلْغِنٰی بِالْمُنٰی — امیری صرف آرزو سے نہیں ملتی

❷ وَالشَّبَابُ بِالْخِضَابِ — اور جوانی صرف کالی مہندی لگانے سے نہیں ملتی

❸ وَالصِّحَّةُ بِالْاَدْوِيَةِ — اور صحت صرف دوا کھانے سے نہیں ملتی

❀......❀......❀

❀ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ایک دوسرا قول ہے کہ مجھے تین چیزیں بہت پسند ہیں:

❶ اَلنَّظْرُ اِلٰی وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰہِ — رسول اللہ کے چہرے اقدس کو دیکھنا

❷ اِنْفَاقُ مَالِی عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ — رسول اللہ پر اپنا مال نچھاور کرنا

❸ وَاَنْ یَّکُوْنَ ابْنَتِی تَحْتَ رَسُوْلِ اللّٰہِ

اور یہ بات کہ میری صاحبزادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح میں ہو

❀......❀......❀

❀ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ

❶ حُسْنُ التَّوَدُّدِ اِلَی النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ

لوگوں سے اچھی محبت نصف عقل ہے۔

❷ وَحُسْنُ السُّؤَالِ نِصْفُ الْعِلْمِ

اور اچھا سوال نصف علم ہے۔

❸ وَحُسْنُ التَّدْبِیْرِ نِصْفُ الْمَعِیْشَةِ

اچھی تدبیر نصف معیشت ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ایک دوسرا قول ہے کہ مجھے دنیا کی اشیاء سے تین چیزیں بہت پسند ہیں۔

1. اَلْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ — نیکی کا حکم کرنا
2. وَالنَّهْیُ عَنِ الْمُنْكَرِ — برائی سے روکنا
3. وَالثَّوْبُ الْخَلِقُ — پرانے کپڑے

❁ ….. ❁ ….. ❁

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ

1. مَنْ تَرَكَ الدُّنْيَا اَحَبَّهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

"جس نے دنیا کو چھوڑ دیا وہ اللہ کا محبوب بن گیا"

2. وَمَنْ تَرَكَ الذُّنُوْبَ اَحَبَّتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ

"جس نے گناہوں کو چھوڑ دیا وہ فرشتوں کا محبوب بن گیا"

3. وَمَنْ حَسَمَ الطَّمَعَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ اَحَبَّهُ الْمُسْلِمُوْنَ

"جس نے مسلمانوں سے طمع کو چھوڑ دیا وہ مسلمانوں کا محبوب بن گیا"

❁ ….. ❁ ….. ❁

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ایک دوسرا قول ہے کہ مجھے دنیا کی اشیاء سے تین چیزیں بہت پسند ہیں۔

1. اِشْبَاعُ الْجِيْعَانِ — بھوکوں کو کھانا کھلانا
2. وَكِسْوَةُ الْعُرْيَانِ — برہنہ (تنگ دست) لوگوں کو کپڑے پہنانا
3. وَتِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ — قرآن کریم کی تلاوت کرنا

❁ ….. ❁ ….. ❁

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ:

1. اَنَّ مِنْ نِّعَمِ الدُّنْيَا يَكْفِيْكَ الْاِسْلَامُ نِعْمَةً

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''(اے اللہ کے بندے) تجھے دنیوی نعمتوں سے اسلام کی نعمت کافی ہے''

❷ وَاِنَّ مِنَ الشُّغْلِ يَكْفِيْكَ الطَّاعَةُ شُغْلاً

''اور تجھے مصروفیات میں سے اطاعت کی مصروفیت کافی ہے''

❸ وَاِنَّ مِنَ الْعِبْرَةِ يَكْفِيْكَ الْمَوْتُ عِبْرَةً

''اور تجھے عبرتوں میں سے موت کی عبرت کافی ہے''

❁ ..... ❁ ..... ❁

❁ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ تین چیزیں حافظے کو زیادہ کرتی ہیں اور بلغم کو کم کرتی ہیں۔

❶ اَلسِّوَاكُ — مسواک

❷ وَالصَّوْمُ — روزہ

❸ وَقِرَآءَةُ الْقُرْآنَ — قرآن مجید کی تلاوت

❁ ..... ❁ ..... ❁

❁ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ مجھے دنیاوی اشیاء سے تین چیزیں بہت پسند ہیں۔

❶ اَلْخِدْمَةُ لِلضَّيْفِ — مہمان کی خدمت کرنا

❷ وَالصَّوْمُ فِي الصَّيْفِ — گرمیوں میں روزے رکھنا

❸ وَالضَّرْبُ بِالسَّيْفِ — اور جنگ میں تلوار چلانا

❁ ..... ❁ ..... ❁

❁ سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے تین اشیاء کی وجہ سے اپنا خلیل بنایا ہے۔

❶ اِخْتَرْتُ اَمْرَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى اَمْرِ غَيْرِهٖ

''اللہ کے معاملے کو کسی غیر پر ترجیح نہیں دیتا''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۶ وَمَا اهْتَمَمْتُ بِمَا تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِي

''میں ان کی کفالت کا خیال رکھتا ہوں جن کا اللہ نے مجھے کفیل بنایا ہے''

۷ وَمَا تَعَشَّيْتُ وَمَا تَغَدَّيْتُ اِلَّا مَعَ الضَّيْفِ

''میں نے کوئی کھانا خواہ صبح کا ہو یا شام کا بغیر مہمان کے نہیں کھایا''

❁ بعض حکماء کا قول ہے کہ تین چیزیں غصے (غم) کو ختم کر دیتی ہیں

۱ ذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى — اللہ تعالیٰ کا ذکر

۲ وَلِقَاءُ اَوْلِيَآئِهِ — اولیاء اللہ سے ملاقات

۳ وَكَلَامُ الْحُكَمَآءِ — حکماء کا کلام

❁ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ

۱ مَنْ لَّا اَدَبَ لَهٗ لَا عِلْمَ لَهٗ

''جس کے پاس ادب نہیں اس کے پاس کچھ علم نہیں''

۲ وَمَنْ لَّا صَبْرَ لَهٗ لَا دِيْنَ لَهٗ

''جس کے پاس صبر نہیں اس کے پاس کچھ دین نہیں''

۳ وَمَنْ لَّا وَرَعَ لَهٗ لَا زُلْفٰى لَهٗ

''جس کے پاس تقویٰ نہیں اس کے پاس اللہ کا قرب نہیں''

❁ ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ تین چیزوں نے پہلی قوموں کو ہلاک کر دیا تھا۔

۱ فُضُوْلُ الْكَلَامِ — فضول گفتگو

۲ وَفُضُوْلُ الطَّعَامِ — فضول کھانا

۳ وَفُضُوْلُ الْمَنَامِ — اور فضول سونا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ زہد (تقویٰ پرہیزگاری) کے تین حرف ہیں زا، ھا اور دال۔

1. فَالزَّاءُ زَادٌ لِلْمَعَادِ — زاء سے مراد آخرت کے لیے زاد راہ تیار کرنا ہے
2. وَالْهَآءُ هُدًى لِلدِّيْنِ — ھاء سے مراد دین کی ہدایت ہے
3. وَالدَّال وِدَوَامٌ عَلَى الطَّاعَةِ — دال سے مراد اطاعت پر ہمیشگی اختیار کرنا ہے

❁ ... ❁ ... ❁

اور ایک دوسری جگہ کچھ اس طرح ہے۔

1. اَلزَّاءُ تَرْكُ الزِّيْنَةِ — زاء سے مراد ترک زینت ہے
2. وَالْهَآءُ تَرْكُ الْهَوٰى — ھاء سے مراد خواہشات کو ترک کرنا ہے
3. وَالدَّالُ تَرْكُ الدُّنْيَا — دال سے مراد دنیا کو ترک کرنا ہے

❁ ... ❁ ... ❁

کعب احبار رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ شیطان سے بچاؤ کے لیے مومن کے پاس تین قلعے ہیں۔

1. اَلْمَسْجِدُ — مسجد
2. وَذِكْرُ اللّٰهِ — اللہ کا ذکر
3. وَقِرَآءَةُ الْقُرْاٰنِ — قرآن کی تلاوت

❁ ... ❁ ... ❁

بعض حکماء کا قول ہے کہ تین چیزیں اللہ کے خزانوں میں سے ہیں یہ اللہ تعالیٰ صرف اسے دیتے ہیں جس سے محبت رکھتے ہیں:

1. اَلْفَقْرُ — فقیری
2. اَلْمَرَضُ — بیماری

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳ وَالصَّبْرُ صبر

❁ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بہترین دن، مہینہ اور بہترین عمل کے متعلق دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا:

۱ خَيْرُ الْاَيَّامِ يَوْمُ الْجُمْعَةِ

''بہترین دن جمعہ کا دن ہے۔''

۲ وَخَيْرُ الشُّهُوْرِ شَهْرُ رَمَضَانَ

''بہترین مہینہ ماہ رمضان ہے۔''

۳ وَخَيْرُ الْاَعْمَالِ الصَّلٰوةُ الْخَمْسُ لِوَقْتِهَا

''بہترین عمل پانچ وقت کی نماز وقت پر ادا کرنا ہے۔''

❁ ابن سلیمان دارانی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ ہر دنیا و آخرت کی خیر کی اصل تین چیزیں ہیں۔

۱ اَلْخَوْفُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى اللہ تعالیٰ کا خوف

۲ وَمِفْتَاحُ الدُّنْيَا الشَّبْعُ دنیا کی چابی سیر ہو کے کھانا ہے

۳ وَمِفْتَاحُ الْاٰخِرَةِ الْجُوْعُ اور آخرت کی چابی بھوک ہے

❁ مالک بن دینار رحمہ اللہ کا قول ہے کہ تین چیزوں کو تین چیزوں سے بدلنا بہت ضروری اور احسن عمل ہے۔

۱ اَلْكِبْرَ بِالتَّوَاضُعِ تکبر کو تواضع کے ساتھ

۲ وَالْحِرْصَ بِالْقَنَاعَةِ حرص کو قناعت کے ساتھ

۳ وَالْحَسَدَ بِالنَّصِيْحَةِ حسد کو خیر خواہی کے ساتھ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❀ تین آدمیوں سے مشورہ نہیں کرنا چاہیے

1. لَا تُشَاوِرْ مَشْغُوْلًا وَإِنْ كَانَ حَازِمًا
"کسی مشغول آدمی سے مشورہ نہ کر اگرچہ وہ کتنا ہی عقلمند ہو"

2. وَلَا جَائِعًا وَإِنْ كَانَ فَهِمًا
"اور بھوکے سے بھی خواہ وہ کتنا ہی سمجھ دار ہو"

3. وَلَا مَذْعُوْرًا وَإِنْ كَانَ نَاصِحًا
"اور نہ ہی گھبرائے ہوئے سے اگرچہ اس کی خیرخواہی پر مکمل اعتبار ہو"

❀ ❀ ❀

❀ مومن کی مثال:

1. اَلْمُؤْمِنُ هَيِّنٌ لَيِّنٌ كَالْجَمَلِ الْأَنِفِ
"مومن نکیل ڈالے ہوئے اونٹ کی طرح نرم خو اور اطاعت شعار ہوتا ہے"

2. مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَالنَّمْلَةِ لَا يَأْكُلُ إِلَّا طَيِّبًا وَلَا يُطْعِمُ إِلَّا طَيِّبًا
"مومن شہد کی مکھی کی مانند ہے جو مزیدار چیز ہی کھاتی ہے اور مزیدار ہی کھلاتی ہے"

3. لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَيْنِ
"مومن ایک سوراخ سے دوبار نہیں ڈسا جاتا"

❀ ❀ ❀

❀ تین کنجیاں:

1. اَلْحِرْصُ مِفْتَاحُ الذُّلِّ — حرص ذلت کی کنجی ہے
2. اَلْقَنَاعَةُ مِفْتَاحُ الرَّاحَةِ — قناعت راحت کی کنجی ہے
3. اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ — صبر کشادگی کی کنجی ہے

❀ ❀ ❀

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تین نصیحت آموز باتیں:

۱ اَلْقَرْضُ مِقْرَاضُ الْمَحَبَّةِ قرض محبت کی قینچی ہے

۲ اَلْاَمَانِیْ تُعْمِیْ عُیُوْنَ الْبَصَائِرِ

آرزو بصیرت کی آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہے

۳ اَلْحِمْیَةُ رَاْسُ کُلِّ دَوَآءٍ پرہیز ہر دوا کی اصل (بنیاد) ہے

❀......❀......❀

تین سنہری قول:

۱ اَبْصَرُ النَّاسِ مَنْ نَّظَرَ اِلٰی عُیُوْبِهٖ

"لوگوں میں بصیرت والا آدمی وہ ہے جس نے اپنے عیبوں کو دیکھ لیا"

۲ اَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ وَآخِرُهٗ نَدَمٌ

"غصے کی ابتدا جنون اور انتہا ندامت ہوتی ہے"

۳ اِذَا قَلَّ مَالُ الْمَرْءِ قَلَّ صَدِیْقُهٗ

"جب آدمی کا مال کم ہوتا ہے تو دوست بھی کم ہو جاتے ہیں"

❀......❀......❀

تین باتیں کبھی نہ بھولو:

۱ مَنْ صَبَرَ ظَفِرَ جس نے صبر کیا وہ کامیاب ہو گیا

۲ مَنْ ضَحِكَ ضُحِكَ جو کسی پر ہنسا اس پر ہنسا گیا

۳ مَنْ جَدَّ وَجَدَ جس نے محنت کی اس نے (مطلوب کو) پا لیا

❀......❀......❀

تین بندے کبھی تین بندوں سے فائدہ حاصل نہیں کرتے

۱ شَرِیْفٌ مِّنْ دَنِیٍّ شریف برے بندے سے

۲ وَبَآرٌّ مِنْ فَاجِرٍ اور نیک گنہگار سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳ وَحَكِيْمٌ مِنْ جَاهِلٍ حکیم (دانا) جاہل سے

❁ تین بندوں کی پہچان تین جگہوں پر ہی ہوتی ہے۔

۱ لَا يُعْرَفُ الشُّجَاعُ إِلَّا عِنْدَ الْحَرْبِ

''بہادر جنگ میں پہچانا جاتا ہے''

۲ وَلَا يُعْرَفُ الْحَلِيْمُ إِلَّا عِنْدَ الْغَضَبِ

''حلم والا غصے کے وقت پہچانا جاتا ہے''

۳ وَلَا يُعْرَفُ الصَّدِيْقُ إِلَّا عِنْدَ الْحَاجَةِ

''سچ بولنے والے کی پہچان محتاجی کے وقت ہوتی ہے''

❁ تین چیزوں کی وجہ سے بندہ بلند مرتبہ حاصل نہیں کر سکتا:

۱ فَقْرُ الْهِمَّةِ کم ہمتی

۲ وَقِلَّةُ الْحِيْلَةِ قلت حیلہ

۳ وَضُعْفُ الرَّأْيِ کمزور رائے

❁ ابو حاتم رحمہ اللہ کا قول ہے کہ بے وقوف آدمی کی تین خصلتیں ہیں:

۱ اَلْعَجَلَةُ جلد باز

۲ وَالتَّحَاسُدُ حسد کرنا

۳ وَالْفَخْرُ فخر کرنا

❁ تین چیزوں کی قلت ہی انسان کے لیے بہتر ہوتی ہے:

۱ قلتِ طعام

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲ قلتِ منام

۳ قلتِ کلام

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ غلطی کے تین درجے ہیں:

۱ سہوا

۲ عمدا

۳ خطا

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ تین قسم کے نشے بہت تیز ہوتے ہیں:

۱ نشہ دولت

۲ نشہ حسن

۳ نشہ علم

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ تین نعمتیں ایسی ہیں جو یک جائی طور پر بہت کم لوگوں کو میسر ہیں

۱ صحت

۲ فراغت

۳ اطمینان قلب

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ تین چیزیں سمجھ سوچ کر اٹھانی چاہیے۔

۱ قسم

۲ قلم

۳ قدم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگوں سے کنارہ کش رہنے والا تین قسم کی برکتیں حاصل کر لیتا ہے۔

1. راحت جسمانی
2. قوت روحانی
3. حفاظت ایمانی

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

بَابُ الرُّبَاعِيِّ

چار چار چیزوں کا بیان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلدستہ احادیث سے چار چار چیزیں

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے دریافت کیا:

1. مَنْ أَصْبَحَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ صَائِمًا؟

''تم میں سے کون ہے جس نے آج روزہ رکھا ہے؟ (یعنی نفلی روزہ)''

ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے آج روزہ رکھا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر دوسرا سوال کیا۔

2. مَنْ عَادَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مَرِيضًا؟

''تم میں سے آج کس نے مریض کی عیادت کی ہے؟''

پھر ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہنے لگے میں نے اے اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آج مریض کی عیادت کی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر تیسرا سوال کیا:

3. مَنْ تَبِعَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ جَنَازَةً؟

''آج تم میں سے کس نے جنازہ پڑھا ہے؟'' تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہنے لگے میں نے آج ایک مسلمان کا نماز جنازہ ادا کیا ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چوتھا سوال پوچھا:

4. مَنْ أَطْعَمَ مِنْكُمُ الْيَوْمَ مِسْكِينًا؟

''تم میں سے کون ہے جس نے آج مسکین کو کھانا کھلایا ہے؟''

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے آج مسکین کو بھی کھانا کھلایا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دن میں یہ چار نیکیاں جس آدمی میں جمع ہو جائیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔

(صحیح مسلم' الزکاۃ باب فضل من ضم ......)۔(۱۰۲۸)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چار چیزیں جس کے اندر ہوں وہ خالص منافق ہے اور جس کے اندر ان میں سے ایک خصلت پائی جائے تو اس کے اندر نفاق کی ایک خصلت (علامت) ہے یہاں تک کہ وہ چھوڑ دے:

1. اِذَا ائْتُمِنَ خَانَ — جب اسے امانت دی جائے تو خیانت کرے۔
2. وَاِذَا حَدَّثَ كَذَبَ — اور جب بات کرے تو جھوٹ بولے۔
3. وَاِذَا عَاهَدَ غَدَرَ — اور جب وہ عہد کرے تو دھوکہ کرے۔
4. وَاِذَا خَاصَمَ فَجَرَ — اور جب وہ جھگڑا کرے تو گالی گلوچ کرے۔

اور صحیح مسلم کی روایت میں ہے کہ اگرچہ وہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے اور سمجھے کہ وہ مسلمان ہے۔

(بخاری، 'الایمان' باب علامات المنافق (٣٤) مسلم' الایمان (٥١)

❁......❁......❁

❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار چیزوں کو کبیرہ گناہوں میں شمار کیا ہے:

1. اَلْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ — اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا۔
2. وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ — اور والدین کی نافرمانی کرنا۔
3. وَقَتْلُ النَّفْسِ — اور (بے گناہ کسی) جان کو قتل کرنا۔
4. وَالْيَمِيْنُ الْغَمُوْسِ — اور جھوٹی قسم اٹھانا۔

(بخاری 'الایمان' باب الیمین(٦٦٧٥))

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چار چیزیں انبیاء کی سنت ہیں:

1. اَلْحَيَاءُ — حیاء

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲ وَالتَّعَطُّرُ خوشبو

۳ وَالسِّوَاكُ مسواک

۴ وَالنِّكَاحُ نکاح

(ترمذی' النکاح' ابواب النکاح' (۱۰۸۰))

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چار چیزیں جاہلیت کی ایسی ہیں جن کو میری امت کے لوگ نہیں چھوڑیں گے:

۱ اَلنِّيَاحَةُ نوحہ کرنا

۲ وَالطَّعْنُ فِي الْأَحْسَابِ حسب ونسب میں طعن کرنا

۳ وَالْعَدْوَى بیماری متعدی سمجھنا

۴ وَالْأَنْوَاءُ کہ ہم پر فلاں ستارے کی وجہ سے بارش ہوئی ہے۔

(ترمذی' الجنائز' باب ماجاء فی کراهیة النوح)۔(۱۰۰۱))

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرب قیامت کی نشانیاں بیان کرتے ہوئے فرمایا:

۱ يَكْثُرُ الْكَذِبُ جھوٹ کی کثرت ہوگی۔

۲ وَيَتَقَارَبُ الْأَسْوَاقُ تجارتی مراکز عام ہو جائیں گے۔

۳ وَيَتَقَارَبُ الزَّمَانُ وقت گھٹ جائے گا۔

۴ وَيَكْثُرُ الْهَرْجُ ہرج بہت زیادہ بڑھ جائے گا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ہرج کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قتل کرنا''

(احمد (۲۰۵/۱) فی اشراط الساعة)

❁......❁......❁

❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ﷺ نے فرمایا: قیامت کی نشانیوں میں سے ہے:

❶ اَنْ یُّرْفَعَ الْعِلْمُ — علم دین کا اٹھ جانا۔

❷ وَیَثْبُتَ الْجَهْلُ — جہالت کا پھیل جانا۔

❸ وَیُشْرَبَ الْخَمْرُ — شراب کا پیا جانا۔

❹ وَیَظْهَرَ الزِّنَا — اور کھلم کھلا زنا ہونا۔

(مسلم' العلم' باب رفع العلم فی آخر الزمان)

❁......❁......❁

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمیشہ اپنی نماز میں ان چار چیزوں سے پناہ مانگا کرتے تھے:

❶ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

''اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں عذاب قبر سے۔''

❷ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

''اور میں پناہ مانگتا ہوں مسیح دجال کے فتنہ سے۔''

❸ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ

''اور میں پناہ مانگتا ہوں زندگی اور موت کے فتنوں سے۔''

❹ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

''اے اللہ! میں تجھ سے گناہ اور قرض سے پناہ مانگتا ہوں۔''

(بخاری' الصلاۃ باب الدعاء قبل السلام (۸۳۲))

❁......❁......❁

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس وقت تک قیامت قائم نہیں ہوگی (جب تک یہ نشانیاں ظاہر نہ ہو جائیں) کہ:

❶ حَتّٰى تُكَلِّمَ السِّبَاعُ الْاِنْسَ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''درندے انسانوں سے باتیں کریں گے۔''

۲ وَحَتّٰى يُكَلِّمَ الرَّجُلَ عَزْبَةُ سَوْطِهٖ

''آدمی کی چھڑی کا چھلکا اس سے کلام کرے گا۔''

۳ وَشِرَاكُ نَعْلِهٖ

''اور آدمی کے جوتے کا تسمہ اس سے بات کرے گا۔''

۴ وَتُخْبِرُهٗ فَخِذُهٗ بِمَا اَحْدَثَ اَهْلُهٗ بَعْدَهٗ

''اور آدمی کی ران اسے بتا دے گی کہ اس کی بیوی نے (اس کی عدم موجودگی میں) کیا کچھ کیا ہے۔''

(ترمذی' الفتن' باب ماجاء فی کلام السباع (۲/۱۷۷۲)

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (جو بندہ ان چار کاموں کو باحسن طریقے سے کرے گا وہ جنت میں سلامتی سے داخل ہو جائے گا)۔

۱ أَفْشُوا السَّلَامَ — سلام کو عام کرو۔

۲ وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ — کھانا کھلایا کرو۔

۳ وَصِلُوا الْأَرْحَامَ — رشتہ داریاں ملایا کرو۔

۴ وَصَلُّوا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ — رات کو جب لوگ سوتے ہوں نماز پڑھا کرو۔

(ابن ماجہ' اقامۃ الصلاۃ' باب ماجاء فی قیام اللیل' (۱۳۳۴)

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ یقیناً جنت میں ایسے بالا خانے (محلات) ہیں جن کا باہر کا حصہ اندر سے دیکھا جاسکتا ہے اور اندر کا حصہ باہر سے دیکھا جاسکتا ہے ایک دیہاتی نے کھڑے ہو کر دریافت کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یہ محلات کن لوگوں کے لیے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا: یہ محلات ان (چار قسم کے) لوگوں کے لیے ہیں:

❶ لِمَنْ أَطَابَ الْكَلَامَ

جنہوں نے اچھا کلام کیا۔

❷ وَأَطْعَمَ الطَّعَامَ

(مساکین کو) کھانا کھلایا۔

❸ وَأَدَامَ الصِّيَامَ

(نفلی) روزوں کی پابندی کی۔

❹ وَصَلَّى لِلّٰهِ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ

رات کو اس وقت رضائے الٰہی کی خاطر نماز ادا کی جب لوگ سوئے ہوتے ہیں۔

(ترمذی' صفة الجنة' باب ماجاء في صفة غرف الجنة (٢٥٢٧) حديث حسن)

❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان چار کاموں کی پابندی کرنے والی عورت جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے گی۔

❶ إِذَا صَلَّتِ الْمَرْأَةُ خَمْسَهَا

جب عورت پانچ نمازیں ادا کرے۔

❷ وَصَامَتْ شَهْرَهَا

اور ماہ رمضان کے روزے رکھے۔

❸ وَحَصَّنَتْ فَرْجَهَا

اور اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرے۔

❹ وَأَطَاعَتْ بَعْلَهَا

اور اپنے شوہر کی فرمانبرداری کرے۔

(صحيح الجامع الصغير (٦٦٠))

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ! نے چار جانوروں کے قتل سے منع فرمایا ہے۔

١ اَلنَّمْلَةُ — چیونٹی۔

٢ وَالنَّحْلَةُ — شہد کی مکھی۔

٣ وَالْهُدْهُدُ — ہدہد۔

٤ وَالصُّرَدُ — اور ممولا پرندہ

(صحیح ابی داؤد' الادب' (٤٣٨٧) ابن ماجه' باب ماینهی عن القتله (٣٢٢٤)

❁......❁......❁

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چار قسم کے جانور قربانی میں جائز نہیں ہیں:

١ اَلْعَوْرَاءُ بَيِّنٌ عَوَرُهَا — واضح طور پر آنکھ کا کانا۔

٢ وَالْمَرِيْضَةُ بَيِّنٌ مَرَضُهَا — ایسا بیمار جس کی بیماری واضح ہو۔

٣ اَلْعَرْجَاءُ بَيِّنٌ ظَلْعُهَا — ایسا لنگڑا جس کا لنگڑا پن ظاہر ہو۔

٤ وَالْكَبِيْرُ الَّتِيْ لَا تُنْقِيْ — اور ایسا کمزور جس میں چربی نہ ہو۔

(صحیح ابی داؤد' الضحایا' (٢٤٣١)' والترمذی باب مالا یجوز عن الاضاحی (١٤٦٧)

❁......❁......❁

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک وہ ان چار چیزوں پر ایمان نہ لے آئے۔

١ يَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ

''اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ذات عبادت و بندگی کے لائق نہیں اور میں (محمد ﷺ) اللہ کا رسول ہوں اس نے مجھے حق دے کر بھیجا ہے۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲ وَيُؤْمِنُ بِالْمَوْتِ

"مرنے پر ایمان لائے۔"

۳ وَيُؤْمِنُ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

"مرنے کے بغیر دوبارہ اٹھائے جانے پر ایمان لائے۔"

۴ وَيُؤْمِنُ بِالْقَدْرِ

"تقدیر پر ایمان لائے۔"

(ترمذی' الایمان' باب ماجاء ان الایمان بالقدر خیرہ وشرہ (۲۱۴۵)

❁......❁......❁

❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے ان چار چیزوں کا سوال کیا کرتے تھے۔

۱ اَلْهُدٰى ہدایت

۲ وَالتُّقٰى تقویٰ

۳ وَالْعَفَافَ گناہوں سے بچاؤ

۴ وَالْغِنٰى اور بے نیازی کا

(مسلم' الذکر والدعاء (۲۷۲۱) والترمذی' باب دعاء اللھم انی اسألک الھدی...... (۳۴۸۹)

❁......❁......❁

❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان چار چیزوں سے اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگا کرتے تھے۔

۱ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ

"اے اللہ! یقیناً میں تجھ سے تیری نعمت کے زائل ہوجانے سے پناہ مانگتا ہوں"

۲ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ اور تیری عافیت کے پھر جانے سے۔

۳ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ اور تیرے اچانک عذاب سے۔

۴ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ اور تیری ہر طرح کی ناراضگی سے۔

(مسلم' الذکرو الدعاء' کتاب الرقاق (۲۷۳۹) وابوداؤد (۱۵۴۵)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❀ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے قبیلہ عبدالقیس کا وفد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا تو انہیں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے وصیت طلب کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو چار چیزوں کا حکم دیا اور چار چیزوں سے روکا جن چار چیزوں کا حکم دیا وہ یہ ہیں:

❶ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ

''اس ذات کی گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں''

❷ وَإِقَامُ الصَّلَاةِ — نماز قائم کرنا

❸ وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ — زکوۃ ادا کرنا

❹ وَأَنْ تُؤَدُّوْا الْخُمُسَ مِمَّا غَنِمْتُمْ

اور مال غنیمت سے پانچواں حصہ ادا کرنا

❀ اور جن چار چیزوں سے منع کیا وہ یہ ہیں:

❶ عَنِ الدُّبَّاءِ — کدو سے بنا ہوا مٹکا۔

❷ وَالْحَنْتَمِ — کھجور کے تنے کو چیر کر بنایا ہوا برتن۔

❸ وَالْمُزَفَّتِ — روغن کیا ہوا برتن۔

❹ وَالْمُقَيَّرِ — اور پرانا سبز مٹکا۔

(بخاری ' الزکاۃ' باب وجوب الزکاۃ (۱۳۹۸)' ابو داؤد (۳۶۹۲)

❀ حضرت عبداللہ بن معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زکوۃ میں (چار قسم کے) یہ جانور نہ دیئے جائیں۔

❶ وَلَا يُعْطِي الْهَرِمَةَ — بطور زکوۃ بوڑھا جانور نہ دے۔

❷ وَلَا الدَّرِنَةَ — اور نہ عیب دار۔

❸ وَلَا الْمَرِيْضَةَ — اور نہ ہی بیمار

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

4. وَالَا الشَّرَطَ اللَّئِيمَةَ — اور نہ ہی بدترین یا چھوٹا

(صحیح ابی داؤد' الزکاۃ (۱٤٠٠)

❀ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر وہ چیز جس میں اللہ کا ذکر نہیں وہ کھیل کود یا غفلت ہے سوائے ان چار کاموں کے۔

1. مَشْيُ الرَّجُلِ بَيْنَ الْغَرَضَيْنِ
آدمی کا دونشانوں کے درمیان چلنا (دوڑ)۔
2. وَتَأْدِيبُهُ فَرَسَهُ — گھڑ سواری کی تربیت
3. وَمَلَاعَبَةُ أَهْلِهِ — بیوی کے ساتھ خوش طبعی کرنا
4. وَتَعْلِيمُهُ السِّبَاحَةَ — اور تیراکی سیکھنا

(طبرانی فی الکبیر' (۲/۱۹۳) والصحیحة (۳۱۵).

❀ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے تم پر ان (چار) چیزوں کو حرام قرار دیا ہے:

1. عُقُوقَ الْأُمَّهَاتِ — ماؤں کی نافرمانی۔
2. وَمَنْعًا — (چیز ہوتے ہوئے بھی) نہ دینا۔
3. وَهَاتِ — اور (حق نہ رکھتے ہوئے بھی) مانگنا۔
4. وَوَأْدَ الْبَنَاتِ — اور بیٹیوں کو زندہ درگور کرنا۔

(بخاری' الادب' باب عقوق الوالدین من الکبائر' (۵۹۷۵)

❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ان (چار) چیزوں سے منع فرمایا ہے:

1. أَنْ يُّجَصَّصَ الْقَبْرُ — قبر کو پختہ (پکا) بنانے سے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❷ وَأَنْ يُّقْعَدَ عَلَيْهِ — قبر پر مجاور بن کر بیٹھنے سے۔

❸ وَأَنْ يُّبْنَى عَلَيْهِ — قبر پر عمارت (قبہ' مزار) بنانے سے۔

❹ وَأَنْ يُّكْتَبَ عَلَيْهِ — اور قبر پر لکھنے سے۔

(مسلم' الجنائز (۹۷۰) والترمذی' الجنائز' باب ماجاء فی کراھیة تجصیص (۱۰۵۲))

❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عورت سے نکاح چار وجوہ کی بناء پر کیا جاتا ہے۔

❶ لِمَالِهَا — اس کے مال کی وجہ سے۔

❷ وَلِحَسَبِهَا — اس کے حسب ونسب کی وجہ سے۔

❸ وَجَمَالِهَا — اس کے حسن و جمال کی وجہ سے۔

❹ وَلِدِيْنِهَا — اور اس کے دین کی وجہ سے۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دیندار عورت سے نکاح کر کے کامیابی حاصل کرو' اگر تو ایسا نہیں کرے گا تو تو نادم و پشیمان ہوگا۔

(بخاری' النکاح' باب الا کفاء فی الدین (۵۰۹۰))

❀ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ صَلَّى الضُّحٰى اَرْبَعًا بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ))

''جس شخص نے نماز اشراق کی چار رکعتیں ادا کیں اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیا جاتا ہے''

(السلسة الا حادیث الصحیحة (۲۳۴۹))

❀ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سے روایت ہے وہ بیان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ:

((مَنْ حَافَظَ عَلٰی أَرْبَعِ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَأَرْبَعٍ بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ))

''جس شخص نے ظہر سے پہلے چار (سنتیں) اور اس کے بعد چار رکعتوں کی محافظت کی تو اللہ تعالیٰ نے اس پر جہنم کی آگ حرام کر دی ہے۔''

(ترمذی، الصلاۃ، باب (منه) آخر (٤٢٨) صحيح الجامع الصغير (٦١٩٥)

❀......❀......❀

❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً صَلّٰى قَبْلَ الْعَصْرِ أَرْبَعًا))

''جو شخص نمازِ عصر سے قبل چار رکعتیں (سنتوں) کا اہتمام کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے گا۔''

(صحيح ابی داؤد، الصلاۃ (١٢٧١) والترمذی، الصلاۃ، باب ماجاء فی الاربع قبل العصر (٤٣٠)

OOO

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چار چار سنہرے اقوال

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قول: کہ چار چیزوں کی کمی چار چیزوں سے پوری ہوتی ہے:

1. تَمَامُ الصَّلَاةِ بِسَجْدَتِي السَّهْوِ
"نماز کی کمی دو سجدہ سہو سے پوری ہوتی ہے۔"
2. وَالصَّوْمُ بِصَدَقَةِ الْفِطْرِ
"روزوں کی کمی صدقہ فطر ادا کرنے سے پوری ہوتی ہے۔"
3. وَالْحَجُّ بِالْهَدِيَّةِ
"حج میں ہونے والی کمی کوتاہی قربانی سے پوری ہوتی ہے۔"
4. وَالْإِيْمَانُ بِالْجِهَادِ
"ایمان کا نقص جہاد فی سبیل میں شہادت سے پورا ہو جاتا ہے۔"

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ چار سمندر (گہرائیاں) ہیں۔

1. اَلْهَوٰى بَحْرُ الذُّنُوْبِ — نفس کی پوجا گناہوں کا سمندر ہے۔
2. وَالنَّفْسُ بَحْرُ الشَّهَوَاتِ — نفس شہوات کا سمندر ہے۔
3. وَالْمَوْتُ بَحْرُ الْأَعْمَارِ — موت زندگی کا سمندر ہے۔
4. وَالْقَبْرُ بَحْرُ النَّدَامَاتِ — قبر ندامت و شرمندگی کا سمندر ہے۔

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ میں نے عبادت کی حلاوت چار چیزوں میں پائی ہے۔

1. فِيْ أَدَاءِ فَرَائِضِ اللّٰهِ تَعَالٰى

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اللہ تعالیٰ کے فرائض کی ادائیگی میں۔''

۲ فِي اِجْتِنَابِ مَحَارِمِ اللّٰهِ تَعَالٰی

''اللہ تعالیٰ کے محارم سے اجتناب میں۔''

۳ فِي الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ اِبْتِغَآءَ ثَوَابِ اللّٰهِ

''اللہ تعالیٰ سے ثواب کی نیت سے نیکی کا حکم دینے میں۔''

۴ فِي النَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ اِتِّقَآءَ غَضَبِ اللّٰهِ

''اللہ کے غضب سے ڈرتے ہوئے برائی سے رکھنے میں۔''

سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا ہی ایک دوسرا قول ہے فرماتے ہیں کہ چار چیزیں ایسی ہیں کہ جن کا ظاہر تو فضیلت پر دلالت کرتا ہے لیکن ان کا باطن فرضیت پر دلالت کرتا ہے۔

۱ مُخَالَطَةُ الصَّالِحِيْنَ فَضِيْلَةٌ وَالْاِقْتِدَآءُ بِهِمْ فَرِيْضَةٌ

''نیک لوگوں کی مجلس میں بیٹھنا فضیلت کا کام ہے لیکن ان کی اقتداء کرنا فرض ہے۔''

۲ تَلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ فَضِيْلَةٌ وَالْعَمَلُ بِهٖ فَرِيْضَةٌ

''قرآن مجید کی تلاوت کرنا فضیلت ہے لیکن اس کے احکامات پر عمل کرنا فرض ہے۔''

۳ زِيَارَةُ الْقُبُوْرِ فَضِيْلَةٌ وَالْاِسْتِعْدَادُ لَهَا فَرِيْضَةٌ

''قبروں کی زیارت کرنا فضیلت ہے لیکن قبر کی تیاری کرنا فرض ہے۔''

۴ عِيَادَةُ الْمَرِيْضِ فَضِيْلَةٌ وَاتِّخَاذُ الْوَصِيَّةِ مِنْهُ فَرِيْضَةٌ

''مریض کی عیادت کرنا فضیلت ہے لیکن ان کی بیمار پرسی سے نصیحت پکڑنا فرض ہے۔''

❁ .... ❁ .... ❁

سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے چار چیزوں کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1 مَنِ اشْتَاقَ اِلَى الْجَنَّةِ سَارَعَ اِلَى الْخَيْرَاتِ
''جسے جنت کی تلاش ہو وہ نیکی و بھلائی کے کام کرنے میں جلدی کرتا ہے۔''

2 وَمَنْ اَشْفَقَ مِنَ النَّارِ اِنْتَهٰى عَنِ الشَّهَوَاتِ
''اور جسے آگ سے ڈر لگتا ہو وہ گناہوں سے رک جاتا ہے۔''

3 وَمَنْ تَيَقَّنَ بِالْمَوْتِ اِنْهَدَمَتْ عَلَيْهِ اللَّذَّاتُ
''اور جسے موت کا یقین ہو وہ لذتوں کو چھوڑ دیتا ہے۔''

4 وَمَنْ عَرَفَ الدُّنْيَا هَانَتْ عَلَيْهِ الْمُصِيبَاتُ
''اور جس نے دنیا کو پہچان لیا اسے دنیوی مصائب آسان لگتے ہیں۔''

❀ ...... ❀ ...... ❀

❀ حضرت حاتم اصم رحمہ اللہ کا قول ہے کہ جس بندے نے چار چیزوں کا دعویٰ چار چیزوں کے بغیر کیا تو اس کا دعویٰ جھوٹا ہے۔

1 مَنِ ادَّعٰى حُبَّ اللّٰهِ وَلَمْ يَنْتَهِ عَنْ مَّحَارِمِ اللّٰهِ تَعَالٰى
''اگر کسی نے حب اللہ کا دعویٰ تو کیا لیکن اللہ کے محارم سے نہ رکا تو اس کا دعویٰ جھوٹا ہے۔''

2 وَمَنِ ادَّعٰى حُبَّ النَّبِيِّ وَكَرِهَ الْفُقَرَآءَ وَالْمَسَاكِيْنَ
''جس نے حب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دعویٰ تو کیا لیکن فقراء مساکین کو ناپسند کیا تو اس کا دعویٰ بھی جھوٹا ہے۔''

3 وَمَنِ ادَّعٰى حُبَّ الْجَنَّةِ وَلَمْ يَتَصَدَّقْ
''جس نے جنت سے محبت کا دعویٰ تو کیا لیکن صدقہ وخیرات نہ کیا تو اس کا دعویٰ بھی جھوٹا ہے۔''

4 وَمَنِ ادَّعٰى خَوْفَ النَّارِ وَلَمْ يَنْتَهِ عَنِ الذُّنُوْبِ
''جس نے جہنم سے خوف کا دعویٰ تو کیا لیکن گناہوں سے دور نہ رہا تو اس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا دعویٰ بھی غلط ہے (جھوٹا ہے)''

❀ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ چار اشیاء ایسی ہیں جو قلیل بھی بہت زیادہ محسوس ہوتیں ہیں۔

1. اَلْوَجْعُ — درد
2. وَالْفَقْرُ — فقیری
3. وَالنَّارُ — آگ
4. وَالْعَدَاوَةُ — دشمنی

❀ حضرت حامد لفاف رحمہ اللہ کا قول ہے کہ چار چیزوں کو ہم نے چار چیزوں میں تلاش کیا جبکہ ہم غلطی میں تھے کیونکہ ان کی جگہیں اور تھیں۔

1. طَلَبْنَا الْغِنٰی فِی الْمَالِ فَوَجَدْنَاهُ فِی الْقَنَاعَةِ
''ہم نے غنا کو مال میں تلاش کیا جب کہ ہم نے اسے قناعت میں پایا۔''
2. وَطَلَبْنَا الرَّاحَةَ فِی الثَّرْوَةِ فَوَجَدْنَا هَا فِی قِلَّةِ الْمَالِ
''ہم نے راحت کو دولت مندی میں تلاش کیا جب کہ ہم نے اسے قلت مال میں پایا۔''
3. وَطَلَبْنَا اللَّذَّاتِ فِی النِّعْمَةِ فَوَجَدْنَا هَا فِی الْبَدَنِ الصَّحِیْحِ
''ہم نے لذتوں کو نعمتوں میں تلاش کیا جبکہ ہم نے اسے تندرستی میں پایا۔''
4. وَطَلَبْنَا الرِّزْقَ فِی الْاَرْضِ فَوَجَدْنَاهُ فِی السَّمَاءِ
''ہم نے رزق کو زمین میں تلاش کیا جبکہ ہم نے اسے آسمان میں پایا۔''

❀ بعض حکما کا قول ہے کہ چار کام حسن ہیں لیکن اس سے چار کام احسن ہیں۔

1. اَلْحَیَاءُ مِنَ الرِّجَالِ حَسَنٌ وَلٰکِنَّهٗ مِنَ الْمَرْأَةِ اَحْسَنُ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''مرد کا حیاء کرنا اچھا ہے جبکہ عورت کا حیاء کرنا بہت اچھا ہے۔''

٢ وَالْعَدْلُ مِنْ كُلِّ اَحَدٍ حَسَنٌ وَلٰكِنَّهُ مِنَ الْاُمَرَآءِ اَحْسَنُ

''ہر ایک کے ساتھ عدل کرنا اچھا عمل ہے لیکن امراء کے ساتھ عدل کرنا بہت اچھا عمل ہے۔''

٣ وَالتَّوْبَةُ مِنَ الشَّيْخِ حَسَنٌ وَلٰكِنَّهُ مِنَ الشَّبَابِ اَحْسَنُ

''بڑھاپے میں توبہ اچھی چیز ہے لیکن جوانی میں بہت اچھی چیز ہے۔''

٤ وَالْجُوْدُ مِنَ الْاَغْنِيَآءِ حَسَنٌ وَلٰكِنَّهُ مِنَ الْفُقَرَآءِ اَحْسَنُ

''امیروں کا سخاوت کرنا اچھا عمل ہے لیکن فقراء کا سخاوت کرنا بہت اچھا عمل ہے۔''

❁ .... ❁ .... ❁

❁ بعض حکماء کا قول ہے کہ چار کام قبیح ہیں لیکن اس سے چار کام بہت ہی قبیح ہیں۔

١ اَلذَّنْبُ مِنَ الشَّبَابِ قَبِيْحٌ وَّمِنَ الشَّيْخِ اَقْبَحُ

''جوانی میں گناہ کرنا برا عمل ہے جبکہ بوڑھاپے میں گناہ کرنا بہت ہی برا عمل ہے۔''

٢ وَالْاِشْتِغَالُ بِالدُّنْيَا مِنَ الْجَاهِلِ قَبِيْحٌ وَمِنَ الْعَالِمِ اَقْبَحُ

''جاہل کا دنیا کے ساتھ مشغول رہنا (یعنی حد سے زیادہ دنیا سے محبت کرنا) برا عمل ہے جبکہ علماء کا ایسا کرنا بہت ہی برا عمل ہے۔''

٣ وَالتَّكَسُّلُ فِي الطَّاعَةِ مِنْ جَمِيْعِ النَّاسِ قَبِيْحٌ وَمِنَ الْعُلَمَآءِ وَالطَّلَبَةِ اَقْبَحُ

''تمام لوگوں کا اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں سستی برا عمل ہے جب کہ علماء اور طلباء کا ایسا کرنا بہت ہی برا عمل ہے۔''

٤ وَالتَّكَبُّرُ مِنَ الْاَغْنِيَآءِ قَبِيْحٌ وَّمِنَ الْفُقَرَآءِ اَقْبَحُ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"مالداروں کا تکبر کرنا برا عمل ہے جبکہ فقیروں کا تکبر کرنا بہت ہی برا عمل ہے۔"

❁ بعض حکماء کا قول ہے کہ چار چیزیں ایمان کی علامات میں سے ہیں۔

1. اَلتَّقْوٰی — اللہ کا ڈر (پرہیزگاری)
2. وَالْحَیَآءُ — حیا
3. وَالشُّکْرُ — شکر
4. وَالصَّبْرُ — صبر

❁ انسانی جسم میں چار ایسے جواہر ہیں جن کو چار چیزیں ختم کر دیتی ہیں۔

1. اَلْغَضَبُ یُزِیْلُ الْعَقْلَ — غصہ عقل کو ختم کر دیتا ہے۔
2. وَالْحَسَدُ یُزِیْلُ الدِّیْنَ — حسد دین کو ختم کر دیتا ہے
3. وَالطَّمَعُ یُزِیْلُ الْحَیَآءَ — طمع (لالچ) حیاء کو ختم کر دیتا ہے۔
4. وَالْغِیْبَةُ تُزِیْلُ الْعَمَلَ الصَّالِحَ — غیبت نیک اعمال ضائع کر دیتی ہے۔

❁ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ چار چیزیں بندے پر بڑی مشکل ہوتی ہیں۔

1. اَلْعَفْوُ عِنْدَ الْغَضَبِ — غصہ کے وقت درگزر۔
2. وَالْجُوْدُ فِی الْعُسْرَةِ — تنگ دستی میں سخاوت۔
3. وَالْعِفَّةُ فِی الْخَلْوَةِ — خلوت میں عفت وعصمت۔
4. وَقَوْلُ الْحَقِّ لِمَنْ یَّخَافُهٗ — ڈر اور خوف کے وقت سچی بات۔

❁ بعض حکماء کا قول ہے کہ چار عبادات بندگی میں سے ہیں:

1. اَلْوَفَآءُ بِالْعُهُوْدِ — وعدہ کو پورا کرنا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲ وَالْمُحَافَظَةُ بِالْحُدُوْدِ حدود اللہ کی محافظت کرنا۔

۳ وَالصَّبْرُ عَلَى الْمَفْقُوْدِ گم شدہ پر صبر کرنا۔

۴ وَالرِّضٰى بِالْمَوْجُوْدِ جو کچھ اللہ نے دے رکھا ہے اس پر خوش رہنا۔

❁ چار سنہری قول:

۱ قَلْبُ الْاَحْمَقِ فِيْ فِيْهِ

''احمق کا دل اس کے منہ کے تابع ہوتا ہے۔''

۲ وَلِسَانُ الْعَاقِلِ فِيْ قَلْبِهٖ

''اور عاقل کی زبان اس کے قلب کے تابع ہوتی ہے۔''

۳ لِسَانُ الْجَاهِلِ مَالِكٌ لَّهٗ

''جاہل کی زبان اس کی مالک ہوتی ہے۔''

۴ وَلِسَانُ الْعَاقِلِ مَمْلُوْكٌ لَّهٗ

''اور عاقل کی زبان اس کی لونڈی (یعنی اسکے ماتحت) ہوتی ہے۔''

❁ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے تقویٰ کے متعلق دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: تقویٰ چار چیزوں کا نام ہے:

۱ اَلْخَوْفُ مِنَ الْجَلِيْلِ اللہ عزوجل کا خوف۔

۲ وَالْعَمَلُ بِالتَّنْزِيْلِ قرآن مجید پر عمل۔

۳ اَلْقَنَاعَةُ بِالْقَلِيْلِ تھوڑے پر قناعت۔

۴ وَالْاِسْتِعْدَادُ لِيَوْمِ الرَّحِيْلِ آخرت کے دن کی تیاری۔

❁ بندہ جس وقت گناہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر چار احسان فرماتا ہے:

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱ اس کا رزق بند نہیں کرتا۔
۲ تندرستی کو موقوف نہیں کرتا۔
۳ گناہ کو ظاہر نہیں کرتا۔
۴ فی الفور عذاب نہیں کرتا۔

❁ حکیم لقمان کا قول ہے کہ چار چیزوں کو کبھی بھی تھوڑا نہ سمجھو:
۱ قرض ۲ فرض
۳ دشمنی ۴ آگ

❁ ہمیشہ نمازی چار قسم کے ہوتے ہیں:
۱ ٹھاٹھ کے (یعنی پنجگانہ پڑھنے والے)
۲ آٹھ کے (یعنی جو آٹھویں دن صرف جمعہ پڑھتے ہیں)
۳ کھاٹ کے (یعنی جو مجبوراً نماز جنازہ وغیرہ میں شرکت کرتے ہیں)
۴ تین سو ساٹھ کے (یعنی جو عید کے دن ہی شامل نماز ہوتے ہیں)

❁ قومی ترقی کے چار اسباب ہیں:
۱ اتحاد ۲ علم
۳ دولت ۴ طاقت

❁ ہم عورت سے یہ چار چیزیں چاہتے ہیں:
۱ اس کے دل میں نیکی ہو۔
۲ اس کے چہرے میں حیاء ہو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳ اس کی زبان میں شیرینی ہو۔

۴ اس کے ہاتھ کام میں لگے رہیں۔

روز ازل سے مانگ کر لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْفَصْلُ الرَّابِعُ

چوتھی فصل

بَابُ الْخُمَاسِیْ

پانچ پانچ چیزوں کا بیان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلدستہ احادیث سے پانچ پانچ چیزیں

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ اشیاء پر رکھی گئی ہے (وہ یہ ہیں)

۱. شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ

"اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں"

۲. وَإِقَامِ الصَّلٰوةِ — نماز قائم کرنا

۳. وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ — زکوٰۃ ادا کرنا

۴. وَالْحَجِّ — حج کرنا

۵. وَصَوْمِ رَمَضَانَ — ماہ رمضان کے روزے رکھنا

(بخاری' الایمان باب دعاء کم ایمانکم ۸' و مسلم ۱۶)

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ کام ایسے ہیں جنہیں ایمان سمیت جو شخص لے کر آیا وہ جنت میں داخل ہوگا (وہ یہ ہیں)

۱. مَنْ حَافَظَ عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ عَلَى وُضُوْئِهِنَّ وَرُكُوْعِهِنَّ وَسُجُوْدِهِنَّ وَمَوَاقِيْتِهِنَّ

"جس شخص نے فرض نمازوں کے وضوء رکوع و سجود اور اوقات کی حفاظت کی"

۲. وَصَامَ رَمَضَانَ — رمضان المبارک کے روزے رکھنا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''بیت اللہ کا حج کیا' اگر وہ اس کے راستے کی طاقت رکھتا تھا''

④ وَآتَی الزَّکَاۃَ طَیِّبَۃً بِھَا نَفْسُہٗ جس نے خوشی سے زکوٰۃ ادا کی

⑤ وَأدّی الْأمَانَۃَ اور امانت ادا کی

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دریافت کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! امانت سے کیا مراد ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا (امانت کی ادائیگی سے مراد ہے کہ) ''غسل جنابت کیا''

(صحیح الترغیب والترہیب' الصلاۃ (۲/۲۴۱) ۳۶۹)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع والا خطبہ آپ ﷺ کا سنا آپ ﷺ نے پانچ چیزوں کی وصیت فرمائی کہ ان پر عمل کی وجہ سے تم اپنے رب کی جنت کے وارث بن سکتے ہو (وہ یہ ہیں)

① اِتَّقُوْا اللّٰہَ رَبَّکُمْ اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے

② وَصَلُّوْا خَمْسَکُمْ پانچ نمازیں ادا کرو

③ وَصُوْمُوْا شَھْرَکُمْ ماہِ رمضان کے روزے رکھو

④ وَأدُّوْا زَکَاۃَ اَمْوَالِکُمْ اپنے مالوں کی زکوٰۃ ادا کرو

⑤ وَأطِیْعُوْا ذَا أمْرِکُمْ اور اپنے امیر کی اطاعت کرو

(ترمذی' الطلاق' باب منہ (۶۱۶) الصحیحۃ ۸۶۷)

❁......❁......❁

❁ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پانچ جانور فاسق ہیں انہیں حرم میں بھی قتل کر دیا جائے۔

① اَلْفَأرَۃُ چوہیا

② وَالْعَقْرَبُ بچھو

③ وَالْحُدَیَا چیل

④ وَالْغُرَابُ کوا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❺ وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ — کاٹنے والا کتا

(بخاری' بدء الخلق' باب اذا وقع الذباب فی شراب...... (٣٣١٤) و مسلم ١١٩٨)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ: اللہ تعالیٰ ہر بندے کی پانچ باتیں لکھ کر فارغ ہو چکے ہیں:

❶ مِنْ اَجَلِهٖ — اس کی موت کا وقت

❷ وَرِزْقِهٖ — اس کا رزق

❸ وَاَثَرِهٖ — اس کی عمر

❹ وَشَقِیٌّ — کہ وہ بدبخت ہے

❺ اَمْ سَعِیْدٌ — یا نیک بخت ہے

(مسند احمد ١٩٧/٥)

❁......❁......❁

❁ حضرت سعد رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ (ہمارے والد گرامی) ہمیں پانچ باتیں سکھاتے تھے اور کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الفاظ کے ساتھ دعا فرمایا کرتے تھے:

❶ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ

''اے اللہ! میں بخیلی سے تیری پناہ مانگتا ہوں''

❷ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ

''اور میں نامردی سے تیری پناہ مانگتا ہوں''

❸ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ اُرَدَّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ

''اور میں ذلیل عمر سے تیری پناہ مانگتا ہوں''

❹ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا

''اور میں دنیا کے فتنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

''اور میں عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں''

(نسائی' الاستعاذة ۳/۵۰۳۲)

❁.....❁.....❁

❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہیں:

۱ اَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ — علم اٹھ جائے گا

۲ وَيَكْثُرَ الْجَهْلُ — جہالت چھا جائے گی

۳ وَيَكْثُرَ الزِّنَا — زنا عام ہوگا

۴ وَيَكْثُرَ شُرْبُ الْخَمْرِ — شراب نوشی عام ہوگی

۵ وَيَقِلَّ الرِّجَالُ وَيَكْثُرُ النِّسَآءُ — ''مردوں کی کمی اور عورتوں کی کثرت ہوگی''

(بخاری' النکاح' باب یقل الرجال و یکثر النساء)

❁.....❁.....❁

❁ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

- پانچ وسق کھجوروں سے کم میں زکوۃ نہیں ہے
- اور پانچ اوقیہ سے کم چاندی میں زکوۃ نہیں ہے
- اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔

(بخاری' الزکاۃ' باب لیس فیما دون خمس ذود صدقة ۱۴۵۹)

❁.....❁.....❁

❁ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مالدار آدمی کے لیے صدقہ جائز نہیں سوائے پانچ قسم کے مالداروں کے لیے (اور وہ یہ ہیں)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❶ لِغَازٍ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ — اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والا

❷ أَوْ لِعَامِلٍ عَلَيْهَا — یا زکوۃ وصول کرنے والا عامل

❸ أَوْ لِغَارِمٍ — یا مقروض

❹ أَوْلِرَجُلٍ اشْتَرَاهَا بِمَالِهٖ — وہ مالدار جو صدقے کے مال کو خریدے

❺ أَوْ لِرَجُلٍ كَانَ لَهٗ مِسْكِيْنٌ فَتُصُدِّقَ عَلَى الْمِسْكِيْنِ فَاَهْدَاهَا الْمِسْكِيْنُ لِلْغَنِيِّ

''یا ایسا آدمی جس کا پڑوسی مسکین ہو پھر مسکین پر صدقہ کیا جائے اور وہ مسکین مالدار کو صدقے کا مال ہدیہ کر دے۔''

(صحیح ابی داؤد' الزکاۃ' (۱۴۴۱) و ابن ماجہ' الزکاۃ' باب من تحل له الصدقة ۱۸۴۱)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ چیزیں فطرت میں شامل ہیں:

❶ اَلْخِتَانُ — ختنہ کرانا

❷ وَالْاِسْتِعْدَادُ — زیر ناف بال مونڈنا

❸ وَقَصُّ الشَّارِبِ — مونچھیں کاٹنا

❹ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ — ناخن کاٹنا

❺ وَنَتْفُ الْاٰبَاطِ — اور بغلوں کے بال اُکھیڑنا

(بخاری' اللباس' باب تقلیم الاظفار ۵۸۹۱ و مسلم ۲۵۷)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: راستوں پر بیٹھنے سے پرہیز کرو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا ہماری مجلسوں کے بغیر ہمارا گزارا نہیں کیونکہ ہم ان میں باہمی بات چیت کیا کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو جب تم نہیں مانتے (یعنی عذر پیش کرتے ہو) تو راستے کو اس کے حق دو' انہوں نے دریافت کیا' راستے کے حق کیا ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (راستے کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حقوق پانچ ہیں)

❶ غَضُّ الْبَصَرِ	نگاہ نیچی رکھنا
❷ وَكَفُّ الْأَذَى	تکلیف دہ چیز کو دور کرنا
❸ وَرَدُّ السَّلَامِ	سلام کا جواب دینا
❹ وَأَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ	نیکی کا حکم دینا
❺ وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ	اور برائی سے روکنا

(بخاری، المظالم، باب افنية الدور (٢٤٦٥)

❁……❁……❁

❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے پانچ اشیاء ایسی عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو عطا نہیں کی گئی تھیں۔

① نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ مَسِيرَةَ شَهْرٍ

''ایک مہینے کی مسافت سے رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی ہے''

② وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا فَأَيُّمَا رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِي أَدْرَكَتْهُ الصَّلَاةُ فَلْيُصَلِّ

''اور تمام زمین میرے لیے سجدہ گاہ اور پاکی کے لائق بنائی گئی ہے پس میری امت کا جو انسان نماز کے وقت کو جہاں بھی پالے اسے وہاں ادا کرے۔''

③ وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ وَلَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي

''میرے لیے غنیمت کا مال حلال کیا گیا ہے مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں کیا گیا''

④ وَأُعْطِيتُ الشَّفَاعَةَ

''اور مجھے شفاعت عطا کی گئی ہے''

⑤ وَكَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ إِلَى قَوْمِهِ خَاصَّةً وَبُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ عَامَّةً

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور تمام انبیاء اپنی اپنی قوم کے لیے مبعوث ہوتے تھے لیکن میں تمام انسانوں کے لیے عام طور پر نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں۔''

(بخاری' التیمم' باب ۳۳۵)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شہید پانچ قسم کے ہوتے ہیں:

1. اَلْمَطْعُوْنُ — طاعون میں ہلاک ہونے والا
2. وَالْمَبْطُوْنَ — پیٹ کی بیماری میں ہلاک ہونے والا
3. وَالْغَرِقُ — ڈوب کر مرنے والا
4. وَصَاحِبُ الْهَدْمِ — دب کر مرجانے والا
5. وَالشَّهِيْدُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ — اور اللہ کے راستے میں شہادت پانے والا

(بخاری' الجہاد' باب الشہادۃ سبع سوی القتل ۲۸۲۹۔ و مسلم ۱۹۱۴)

❁......❁......❁

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں:

1. رَدُّ السَّلَامِ — سلام کا جواب دینا
2. وَعِيَادَةُ الْمَرِيْضِ — مریض کی عیادت کرنا
3. وَاتِّبَاعُ الْجَنَائِزِ — جنازے میں شرکت کرنا
4. وَاِجَابَةُ الدَّعْوَةِ — دعوت قبول کرنا
5. وَتَشْمِيْتُ الْعَاطِسِ — جسے چھینک آئے اسے يرحمك الله کہنا

(بخاری' الجنائز' باب الأمر باتباع الجنائز (۱۱۴۵))

❁......❁......❁

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پانچ پانچ سنہرے اقوال

سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ پانچ اندھیرے ہیں اور پانچ ہی ان کے چراغ ہیں:

1. حُبُّ الدُّنْيَا ظُلْمَةٌ وَالسِّرَاجُ لَهَا التَّقْوٰى

"دنیا کی محبت اندھیرا ہے اور اس کا چراغ تقویٰ ہے"

2. وَالذَّنْبُ ظُلْمَةٌ وَالسِّرَاجُ لَهَا التَّوْبَةُ

"گناہ اندھیرا ہے اور اس کا چراغ توبہ ہے"

3. وَالْقَبْرُ ظُلْمَةٌ وَالسِّرَاجُ لَهَا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

"قبر اندھیرا ہے اور اس کا چراغ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے"

4. وَالْاٰخِرَةُ ظُلْمَةٌ وَالسِّرَاجُ الْعَمَلُ الصَّالِحُ

"آخرت تاریک ہے اور اس کا چراغ نیک اعمال ہیں"

5. وَالصِّرَاطُ ظُلْمَةٌ وَالسِّرَاجُ لَهَا الْيَقِيْنُ

"پل صراط تاریک ہے اور اس کا چراغ یقین کامل ہے"

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ پانچ قسم کے لوگ جنتی ہیں:

1. اَلْفَقِيْرُ صَاحِبُ الْعِيَالِ

"عیال دار فقیر"

2. وَالْمَرْاَةُ الرَّاضِيُ عَنْهَا زَوْجُهَا

"ایسی خاتون جس سے اس کا خاوند راضی ہے"

3. الْمُتَصَدِّقَةُ بِمَهْرِهَا عَلٰى زَوْجِهَا

"ایسی خاتون جو اپنے حق مہر کو اپنے خاوند پر صدقہ کر دیتی ہے"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴ وَالرَّاضِیُّ عَنْهُ اَبَوَاهُ
''وہ شخص جس کے ساتھ اس کے والدین راضی ہیں''

۵ وَالتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ
''گناہوں سے توبہ کرنے والا''

❁......❁......❁

❁ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ پانچ خصلتیں نہ ہوں تو سارے کے سارے لوگ نیک ہوں۔

۱	اَلْقَنَاعَةُ بِالْجَهْلِ	قناعت جہالت کے ساتھ
۲	وَالْحِرْصُ عَلَى الدُّنْيَا	دنیا کی حرص رکھنا
۳	وَالشُّحُّ بِالْفَضْلِ	ہر خیر کے کام میں بخیلی کرنا
۴	وَالرِّيَاءُ فِي الْعَمَلِ	ہر عمل میں ریاکاری کرنا
۵	وَالْاِعْجَابُ بِالرَّأْيِ	اپنی رائے کو پسند کرنا

❁......❁......❁

❁ سیدنا عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ جس بندے میں پانچ چیزیں پائی جائیں وہ سعادت مند ہے۔

۱ اَنْ يَّذْكُرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَقْتًا بَعْدَ وَقْتٍ
''کہ وہ ہر وقت اپنی زبان پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ورد رکھے''

۲ وَاِذَا ابْتُلِىَ بِبَلِيَّةٍ قَالَ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
''اور جب اسے کوئی مصیبت آئے تو کہے انا للہ وانا الیہ راجعون اور لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم''

۳ وَاِذَا اُعْطِىَ بِنِعْمَةٍ قَالَ الْحَمْدُلِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ شُكْرَ النِّعْمَةِ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور جب اسے کوئی نعمت سے نوازا جائے تو اس کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہے الحمد للہ رب العالمین''

۴ وَاِذَا ابْتَدَأَ فِي شَيْءٍ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

''اور جب کسی کام کی ابتدا کرے تو کہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم''

۵ وَاِذَا أَفْرَطَ مِنْهُ ذَنْبًا قَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

''اور جب بہت زیادہ گناہ کر بیٹھے تو کہے استغفر اللہ العظیم واتوب الیہ''

❁......❁......❁

❁ حسن بصری رحمہ اللہ کا قول ہے کہ تورات میں ایک مکتوب ہے جس میں پانچ باتیں ہیں:

۱ اَنَّ الْغُنْيَةَ فِي الْقَنَاعَةِ

''کہ غنا (تونگری) قناعت میں ہے''

۲ وَأَنَّ السَّلَامَةَ فِي الْعُزْلَةِ

''سلامتی (دنیا سے) کنارہ کشی کرنے میں ہے''

۳ وَأَنَّ الْحُرْمَةَ فِي رَفْضِ الشَّهَوَاتِ

''عزت شہوات کو چھوڑنے میں ہے''

۴ وَأَنَّ التَّمَتُّعَ فِي اَيَّامٍ طَوِيْلَةٍ

''اور نفع (فائدہ) لمبی مدت میں ہے''

۵ وَأَنَّ الصَّبْرَ فِي اَيَّامٍ قَلِيْلَةٍ

''اور صبر تھوڑی مدت میں ہے''

❁......❁......❁

❁ سفیان ثوری رحمہ اللہ کا قول ہے کہ پانچ چیزوں کو فقراء اور پانچ چیزوں کو اغنیاء نے اختیار کرلیا ہے:

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1. رَاحَةَ النَّفْسِ ذہنی سکون
2. وَفَرَاغَةَ الْقَلْبِ فراغت قلبی
3. وَعُبُوْدِيَّةَ الرَّبِّ رب تعالیٰ کی بندگی
4. وَخِفَّةَ الْحِسَابِ آسان (ہلکا) حساب
5. وَالدَّرَجَةَ الْعُلْيَا اور بلند مرتبہ

❁ اور یہ پانچ چیزیں اغنیاء نے اختیار کی ہیں:

1. تَعَبَ النَّفْسِ مشقت نفس
2. وَشُغْلَ الْقَلْبِ قلبی مشغولیت
3. وَعُبُوْدِيَّةَ الدُّنْيَا دنیا کی بندگی
4. وَشِدَّةَ الْحِسَابِ سخت حساب
5. وَالدَّرَجَةَ السُّفْلٰى اور پست مرتبہ

❁ عبداللہ انطاکی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ پانچ چیزیں دردِ دل کی دوا ہیں:

1. مَجَالِسَةُ الصَّالِحِيْنَ نیک لوگوں کی ہم نشینی
2. وَقِرَآءَةُ الْقُرْآنِ تلاوت قرآن مجید
3. وَخَلَآءُ الْبَطْنِ خالی پیٹ
4. وَقِيَامُ اللَّيْلِ رات کی نماز
5. وَالتَّضَرُّعُ عِنْدَ الصَّبَاحِ صبح سویرے عاجزی انکساری

❁ بعض حکماء کا قول ہے کہ تقویٰ سے پہلے پانچ گھاٹیاں ہیں جس نے ان کو عبور کرلیا اس نے تقویٰ کو پالیا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱ اِخْتِیَارُ الشِّدَّةِ عَلَى النِّعْمَةِ
''نعمت کے حصول کے لیے سختی برداشت کی''

۲ اِخْتِیَارُ الْجُهْدِ عَلَى الرَّاحَةِ
''راحت کے حصول کے لیے مشقت برداشت کی''

۳ اِخْتِیَارُ الذُّلِّ عَلَى الْعِزِّ
''عزت کے حصول کے لیے ذلت کو برداشت کیا''

۴ اِخْتِیَارُ السُّكُوْتِ عَلَى الْفُضُوْلِ
''فضول گفتگو سے بچنے کے لیے خاموشی کو برداشت کیا''

۵ اِخْتِیَارُ الْمَوْتِ عَلَى الْحَيٰوةِ
''اصل زندگی کے حصول کے لیے موت کو گلے لگایا''

❁......❁......❁

❁ سفیان ثوری رحمہ اللہ کا قول ہے کہ اس زمانے میں جو بندہ مال جمع کرنا چاہتا ہے اس کے پاس یہ پانچ خصلتیں ہونی ضروری ہیں:

۱ طُوْلُ الْاَمَلِ — لمبی امید
۲ وَحِرْصٌ غَالِبٌ — بہت زیادہ حرص
۳ وَشُحٌّ شَدِيْدٌ — بہت زیادہ بخیلی
۴ وَقِلَّةُ الْوَرَعِ — تھوڑی پرہیزگاری
۵ وَنِسْيَانُ الْاٰخِرَةِ — آخرت کی بھول

❁......❁......❁

❁ حاتم اصم رحمہ اللہ کا قول ہے کہ جلدی شیطان کی جانب سے ہے لیکن پانچ چیزوں میں جلدی کرنا انبیاء کی سنتوں میں سے ہے:

۱ اِطْعَامُ الضَّيْفِ اِذَا نَزَلَ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''مہمان آئے تو اسے کھانا کھلانا''

۲ وَتَجْهِيزُ الْمَيِّتِ إِذَا مَاتَ

''جب کوئی وفات پائے تو کفن دفن کا اہتمام کرنا''

۳ وَتَزْوِيجُ الْبِنْتِ إِذَا بَلَغَتْ

''جب بیٹی جوان ہو جائے تو اس کی شادی کرنا''

۴ وَقَضَاءُ الدَّيْنِ إِذَا وَجَبَ

''جب گناہ زیادہ ہو جائیں تو توبہ کرنا''

۵ وَالتَّوْبَةُ مِنَ الذَّنْبِ إِذَا فَرَطَ

''جب کسی عمل کی قضا واجب ہو جائے تو ادا کرنا''

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ بعض حکماء کا قول ہے کہ زہد پانچ چیزوں کا نام ہے:

۱ اَلثِّقَةُ بِاللّٰهِ	اللہ پر اعتماد (توکل)
۲ وَالتَّبَرِّیْ عَنِ الْخَلْقِ	مخلوق سے بیزاری
۳ وَالْإِخْلَاصُ فِي الْعَمَلِ	عمل میں اخلاص
۴ وَاحْتِمَالُ الظُّلْمِ	ظلم (خطاء) ہونے کا امکان
۵ وَالْقَنَاعَةُ فِي الْيَدِ	ہاتھ کی کمائی پر قناعت کرنا

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ محمد بن دوری رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ پانچ چیزیں شیطان کی بدبختی کا سبب بن گئیں:

۱ لَمْ يُقِرَّ بِالذَّنْبِ

''اس نے (اللہ کی نافرمانی والے) گناہ کا اقرار نہ کیا''

۲ وَلَمْ يَنْدَمْ عَلَيْهِ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اپنے گناہ پر ندامت اختیار نہ کی''

۳ وَلَمْ يَلُمْ نَفْسَهُ

''اپنے نفس کو ملامت بھی نہ کی''

۴ وَلَمْ يَعْزِمْ عَلَى التَّوْبَةِ

''اور توبہ کا ارادہ بھی نہ کیا''

۵ وَقَنطَ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰہ

''اور اللہ کی رحمت سے نا امید ہو گیا''

❀ اور پانچ چیزوں کے سبب آدم سعادت مند بن گئے۔

۱ اَقَرَّ بِالذَّنْبِ

''اپنے گناہ (جو شجرہ کو کھانے کا کیا) کا اقرار کرلیا''

۲ وَنَدِمَ عَلَيْهِ

''نافرمانی کرنے پر نادم ہوئے''

۳ وَاعْصُوا اللّٰهَ بِقَدْرِ طَاقَتِكُمْ عَلٰى عَذَابِهِ

''اللہ کی نافرمانی اتنی کرو جتنا اس کے عذاب کو برداشت کرسکو''

۴ وَتَزَوَّدُوا فِي الدُّنْيَا بِقَدْرِ مَكْثِكُمْ فِي الْقَبْرِ

''قبر میں ٹھہرنے کی مقدار دنیا سے زاد راہ لو''

۵ وَاعْمَلُوا لِلْجَنَّةِ بِقَدْرِهَا تُرِيْدُوْنَ فِيهَا الْمَقَامَ

''جنت کے لیے اتنے اعمال کرو جتنی دیر تم اس میں ٹھہرنا چاہتے ہو''

❀......❀......❀

❀ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ہے:

۱ رَاَيْتُ جَمِيْعَ الْاَخِلَّاءِ فَلَمْ اَرَ خَلِيْلًا اَفْضَلَ مِنْ حِفْظِ اللِّسَانِ

''میں نے بہت دوست دیکھے لیکن زبان کی حفاظت سے افضل دوست کوئی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں دیکھا"

❷ وَرَاَیْتُ جَمِیْعَ اللِّبَاسِ فَلَمْ اَرَ لِبَاسًا اَفْضَلَ مِنَ الْوَرْعِ
"میں نے بہت دوست دیکھے لیکن تقویٰ سے افضل کوئی لباس نہیں دیکھا۔"

❸ وَرَاَیْتُ جَمِیْعَ الْمَالِ فَلَمْ اَرَ مَالًا اَفْضَلَ مِنَ الْقَنَاعَةِ
"میں نے بہت سے مال دیکھے لیکن قناعت سے افضل مال نہیں دیکھا"

❹ وَرَاَیْتُ جَمِیْعَ الْبِرِّ فَلَمْ اَرَ بِرًّا اَفْضَلَ مِنَ النَّصِیْحَةِ
"میں نے بہت سی نیکیاں دیکھی لیکن خیرخواہی سے افضل کوئی نیکی نہیں دیکھی"

❺ وَرَاَیْتُ جَمِیْعَ الْاَطْعِمَةِ فَلَمْ اَرَ طَعَامًا اَلَذَّمِنَ الصَّبْرِ
"میں نے بہت سے کھانے دیکھے لیکن صبر سے زیادہ لذیذ کھانا کوئی نہیں دیکھا"

❀ ❀ ❀

❀ بعض عبادت گزاروں کا اپنے رب کے سامنے مناجات کرتے ہوئے کہنا ہے کہ اے اللہ!

❶ طُوْلُ الْاَمَلِ غَرَّنِیْ
"لمبی امید نے مجھے دھوکے میں ڈال دیا"

❷ وَحُبُّ الدُّنْیَا اَهْلَكَنِیْ
"دنیا کی محبت نے مجھے ہلاک کر دیا"

❸ وَالشَّیْطَانُ اَضَلَّنِیْ
"اور شیطان نے مجھے ہلاک کر دیا"

❹ وَالنَّفْسُ الْاَمَّارَةُ بِالسُّوْءِ عَنِ الْحَقِّ مَنَعَتْنِیْ
"اور برائی پر ابھارنے والے نفس نے مجھے حق سے روک دیا"

❺ وَقَرِیْنُ السُّوْءِ عَلَى الْمَعْصِیَةِ اَعَانَنِیْ
"اور برے دوست نے برائی پر میری مدد کی"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے فریاد رسی کرنے والے میری فریاد کو سن لے اور میری مدد فرما' کیونکہ تیرے علاوہ کون ہے جو مجھ پر رحم کر سکتا ہے۔

❁......❁......❁

❁ یحییٰ بن معاذ رازی اپنے رب سے مناجات کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

1 لَا يَطِيْبُ اللَّيْلُ اِلَّا بِمُنَاجَاتِكَ

''(اے اللہ) رات وہی اچھی ہے جس میں تجھ سے مناجات ہوں''

2 وَلَا يَطِيْبُ النَّهَارُ اِلَّا بِطَاعَتِكَ

''اور دن وہی اچھا ہے جس میں تیری اطاعت ہو''

3 وَلَا يَطِيْبُ الدُّنْيَا اِلَّا بِذِكْرِكَ

''اور دنیا وہی اچھی ہے جس میں تیرا ذکر ہو''

4 وَلَا تَطِيْبُ الْآخِرَةُ اِلَّا بِعَفْوِكَ

''اور آخرت کی گھڑی وہی اچھی ہے جس میں تیری معافی ہو''

5 وَلَا تَطِيْبُ الْجَنَّةُ اِلَّا بِرُؤْيَتِكَ

''اور جنت وہی اچھی ہے جس میں تیرا دیدار نصیب ہو''

❁......❁......❁

❁ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ دس چیزیں ابراہیم علیہ السلام کی سنت میں سے ہیں جن میں سے پانچ کا تعلق سر سے اور پانچ کا تعلق بدن سے ہے۔ جن پانچ کا تعلق سر سے ہے وہ یہ ہیں:

1 السِّوَاكُ — مسواک کرنا

2 وَالْمَضْمَضَةُ — کلی کرنا

3 وَالْاِسْتِنْشَاقُ — ناک میں پانی چڑھانا

4 وَقَصُّ الشَّارِبِ — مونچھوں کو تراشنا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ وَالْحَلْقُ — سر کے بال کاٹنا

اور پانچ جن کا تعلق بدن سے ہے وہ یہ ہیں:

۱ نَتْفُ الْاِبِطِ — بغلوں کے بال اکھاڑنا

۲ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ — ناخنوں کو کاٹنا

۳ وَحَلْقُ الْعَانَةِ — زیر ناف بال مونڈھنا

۴ وَالْخِتَانَ — ختنے کرنا

۵ وَالْاِسْتِنْجَاءُ — استنجاء کرنا

مسواک کے پانچ فوائد ہیں:

۱ يُطَهِّرُ الْفَمَ — منہ کو پاک کرتی ہے

۲ وَيُرْضِى الرَّبَّ — اللہ راضی ہو جاتا ہے

۳ وَيُسْخِطُ الشَّيْطَانُ — شیطان ناراض ہو جاتا ہے

۴ وَيُحِبُّهُ الرَّحْمٰنُ وَالْحَفَظَةُ — رحمٰن اور فرشتے اس سے محبت کرتے ہیں

۵ وَيَقْطَعُ الْبَلْغَمَ — اور مسواک بلغم کو ختم کر دیتی ہے

پانچ چیزیں پانچ چیزوں کو واجب کرتیں ہیں:

۱ حُسْنُ الْخُلُقِ يُوْجِبُ الْمَوَدَّةَ

''اور اچھا اخلاق محبت کو واجب کرتا ہے''

۲ وَسُوْءُ الْخُلُقِ يُوْجِبُ الْمُبَاعَدَةَ

''برا اخلاق دوری کو واجب کرتا ہے''

۳ وَالْكِبْرُ يُوْجِبُ الْمَقْتَ

''اور تکبر ناراضگی کو واجب کرتا ہے''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴ وَالْجُوْدُ يُوْجِبُ الْحَمْدَ

''اور سخاوت تعریف کو واجب کرتی ہے۔''

۵ وَالْبُخْلُ يُوْجِبُ الْمَذَمَّةَ

''اور بخل مذمت کو واجب کرتا ہے''

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ پانچ چیزیں آدمی کی سعادت مندی کی علامت ہیں:

۱ زن موافق
۲ اولاد نیک
۳ متقی دوست
۴ ہمسایہ نیک
۵ اپنے شہر میں روزی

پانچ چیزیں باعث تکلیف ہیں:

۱ جذام کا مرض
۲ برے کا قرض
۳ حاکم کا ظلم
۴ جاہل عہدیدار
۵ ہمسایہ بدکار

اہل دنیا پر قہرِ الٰہی عموماً پانچ صورتوں میں نازل ہوتا ہے:

۱ قحط
۲ وبا
۳ جنگ
۴ نااتفاقی
۵ ظالم حاکم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ

پانچویں فصل

بَابُ السُّدَاسِیْ

چھ چھ چیزوں کا بیان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلدستہ احادیث سے چھ چھ چیزیں

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں۔

❶ اِذَا لَقِيتَهُ فَسَلِّمْ عَلَيْهِ — جب تو اسے ملے تو سلام کہہ۔

❷ وَإِذَا دَعَاكَ فَأَجِبْهُ. — اور جب وہ تجھے بلائے تو اس کے پاس جا

❸ وَإِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْهُ

''اور جب وہ تجھ سے خیر خواہی طلب کرے تو اس کی خیر خواہی کر۔''

❹ وَإِذَا عَطَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ فَشَمِّتْهُ

''اور جب اسے چھینک آئے اور وہ الحمد للہ کہے تو تو یَرْحَمُكَ اللّٰهُ کہہ۔''

❺ وَإِذَا مَرِضَ فَعُدْهُ — اور جب وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت کر

❻ وَإِذَا مَاتَ فَاتْبَعْهُ — اور جب وہ فوت ہو تو اس کے جنازے میں شریک ہو

(مسلم' السلام' باب من حق المسلم للمسلم رد السلام (٦٥١))

❁ ...... ❁ ...... ❁

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چھ نشانیاں ظاہر ہونے سے پہلے نیک اعمال کرنے میں جلدی کرو۔

❶ طُلُوعَ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا — سورج کا مغرب سے طلوع ہونا

❷ أَوِ الدُّخَانَ — دھوئیں کا نکلنا

❸ أَوِ الدَّجَّالَ — دجال کا ظاہر ہونا

❹ أَوِ الدَّآبَّةَ — جانور کا نکلنا (جو کلام کرے گا)

❺ أَوْ خَاصَّةَ أَحَدِكُمْ — انفرادی عذاب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❻ اَو اَمرَ الْعَامَّةِ — اجتماعی عذاب

(مسلم' الفتن والشراط الساعة' باب بقية من احاديث الدجال (۷۳۹۷))

❁......❁......❁

❁ حضرت طارق بن شہاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت سے پہلے یہ (چھ) نشانیاں ظاہر ہوں گی

۱ تَسْلِيْمُ الْخَاصَّةِ — جان پہچان کے لوگوں کو سلام کرنا

۲ وَنَشُّو التِّجَارَةِ حَتّٰى تُعِيْنَ الْمَرْاَةُ زَوْجَهَا عَلَى التِّجَارَةِ

''تجارت کا عام ہونا حتی کہ بیوی اپنے شوہر کی تجارت میں مددگار ہوگی''

۳ وَقَطْعُ الْاَرْحَامِ — قطع رحمی

۴ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ — جھوٹی گواہی دینا

۵ وَكِتْمَانُ شَهَادَةِ الْحَقِّ — سچی گواہی کو چھپانا۔

۶ وَظُهُوْرُ الْقَلَمِ — قلم کا ظاہر ہونا

(مسند احمد فی الشراط الساعة ص ۳۸۶۹)

❁......❁......❁

❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری چھ باتیں مان لو میں تمہیں اس کے بعد جنت کی ضمانت دیتا ہوں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا وہ (چھ) باتیں کیا ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

۱ اِذَا حَدَّثَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَكْذِبْ

''جب تم میں سے کوئی بات کرے تو جھوٹ مت بولے

۲ وَاِذَا وَعَدَ فَلَا يَخْلُفْ

''اور جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی مت کرے''

۳ وَاِذَا اؤْتُمِنَ فَلَا يَخُنْ

''اور جب اسے امانت دی جائے تو خیانت مت کرے''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴ وَغَضُّوا اَبْصَارَكُمْ اور اپنی نظریں نیچی رکھو

۵ وَكُفُّوْا اَيْدِيَكُمْ اور اپنے ہاتھوں کو (برے کاموں سے) روکے رکھو۔

۶ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَكُمْ اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔

(الحاكم ٣٥٩/٤) والصحيحة (٤٥٥/٣)

❁ حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

((مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتْبَعَهُ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ فَذَاكَ كَصِيَامِ الدَّهْرِ))

''جو شخص رمضان المبارک کے روزے رکھے پھر اس کے بعد ماہ شوال کے چھ روزے رکھے تو یہ عمل سارا سال روزے رکھنے کی طرح ہے۔''

(مسلم' الصيام (١١٦٤) وابوداؤد' الصوم' باب في صوم ستة ايام من شوال (٢٤٣٣)

❁ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ میں تمہارے بارے میں چھ باتوں سے ڈرتا ہوں

۱ إِمَارَةَ السُّفَهَاءِ بیوقوفوں کی حکومت سے

۲ وَسَفْكَ الدَّمِ خون ریزی سے

۳ وَبَيْعَ الْحُكْمِ حکم کی بیع سے

۴ وَقَطِيْعَةَ الرَّحِمِ قطع رحمی سے

۵ وَنَشْوَةً يَتَّخِذُوْنَ الْقُرْآنَ مَزَامِيْرَ

نوجوانوں کا قرآن مجید کو گانے کے انداز میں پڑھنے سے

۶ وَكَثْرَتِ الشُّرْطِ اور پولیس کی کثرت سے

(صحيح الجامع الصغير وزيادته للالباني (٢٠١٤)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ہاں شہید کے چھ اعزاز ہیں (اور وہ یہ ہیں)

۱. يُغْفَرُ لَهُ فِي أَوَّلِ دَفْعَةٍ وَيُرَى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ
"پہلے ہی لمحہ اسکی مغفرت کر دی جاتی ہے اور اس کو جنت میں اس کا ٹھکانہ دکھا دیا جاتا ہے۔"

۲. وَيُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ — عذاب قبر سے محفوظ کر دیا جاتا ہے

۳. وَيَأْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ — قیامت کی مصیبت سے محفوظ رہتا ہے۔

۴. وَيُوضَعُ عَلَى رَأْسِهِ تَاجُ الْوَقَارِ الْيَاقُوتَةُ مِنْهَا خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا
"اس کے سر پر عزت اور وقار کا تاج رکھا جاتا ہے جس کا صرف ایک ہی یاقوت دنیا اور اس میں جو کچھ ہے سب سے قیمتی ہے۔"

۵. وَيُزَوَّجُ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِينَ إِنْسَانًا زَوْجَةً مِنَ الْحُورِ الْعِينِ
"خوبصورت، بڑی بڑی آنکھوں والی بہتر ۷۲ حوروں سے اس کی شادی کر دی جاتی ہے۔"

۶. وَيُشَفَّعُ فِي سَبْعِينَ مِنْ أَقَارِبِهِ
"اس کے ستر ۷۰ رشتہ داروں کے بارے میں اس کی سفارش قبول کی جاتی ہے۔"

(ابن ماجه، الجهاد، باب فضل الشهادة في سبيل الله) (۲۷۹۹) وصحيح الترغيب (۱۳۷۵)

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صحابہ کرام کا ایک گروہ بیٹھا ہوا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ تم مجھ سے (ان چھ باتوں پر) بیعت کرو۔

۱. عَلَى أَلَّا تُشْرِكُوا بِاللَّهِ شَيْئًا
"کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرو گے۔"

۲. وَلَا تَسْرِقُوا — چوری نہیں کرو گے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳ وَلَا تَزْنُوْا زنا نہیں کرو گے۔

۴ وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَکُمْ (فقر کے ڈر سے) اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے

۵ وَلَا تَاتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ

''جان بوجھ کر کسی پر بہتان نہیں لگاؤ گے''

۶ وَلَا تَعْصُوا فِيْ مَعْرُوْفٍ اور شرعی احکام میں نافرمانی نہیں کرو گے۔

(البخاری' الایمان' باب (۱۸)

❁.....❁.....❁

❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ مومن آدمی کو وفات کے بعد جن اعمال وحسنات کا ثواب ملتا رہتا ہے ان میں سے چھ یہ ہیں

۱ عِلْمًا عَلَّمَهٗ وَنَشَرَهٗ

''وہ علم ہے جسے اس نے لوگوں کو سکھایا اور اس کی نشر واشاعت کی۔''

۲ وَوَلَدًا صَالِحًا تَرَكَهٗ نیک اولاد جسے وہ اپنے پیچھے چھوڑ گیا

۳ وَمُصْحَفًا وَرَّثَهٗ قرآن جسے دوسروں کو سکھا کر اس کا وارث بنا گیا

۴ اَوْ مَسْجِدًا بَنَاهُ اَوْ بَيْتًا لِابْنِ السَّبِيْلِ بَنَاهُ

وہ مسجد یا مسافر خانہ جسے وہ تعمیر کرا گیا

۵ اَوْ نَهْرًا اَجْرَاهُ ایسی نہر جسے وہ جاری کرا گیا

۶ اَوْ صَدَقَةً اَخْرَجَهَا مِنْ مَالِهٖ فِيْ صِحَّتِهٖ وَحَيَاتِهٖ

''اور وہ صدقہ جسے وہ اپنی زندگی میں صحت وتندرستی کی حالت میں نکالتا رہا۔''

(صحیح ابن ماجہ' مقدمہ' باب ثواب معلم الناس الخیر ۲۴۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھ چھ سنہرے اقوال

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے چھ چیزوں کو چھ چیزوں میں پوشیدہ رکھا ہے۔

❶ كَتَمَ الرِّضَآءَ فِي الطَّاعَةِ

''اپنی خوشنودی کو اطاعت میں پوشیدہ رکھا ہے''

❷ وَكَتَمَ الْغَضَبَ فِي الْمَعْصِيَةِ

''اور ناراضگی کو نافرمانی میں پوشیدہ رکھا ہے''

❸ وَكَتَمَ اِسْمَهُ الْاَعْظَمَ فِي الْقُرْآنِ

''اور اسم اعظم کو قرآن مجید میں پوشیدہ رکھا ہے''

❹ وَكَتَمَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ

''اور لیلۃ القدر کو ماہِ رمضان میں پوشیدہ رکھا ہے''

❺ وَكَتَمَ الصَّلٰوةَ الْوُسْطٰى فِي الصَّلَوَاتِ

''اور نماز وسطیٰ کو (پانچ) نمازوں میں پوشیدہ رکھا ہے''

❻ وَكَتَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي الْاَيَّامِ

''اور روز قیامت کو دِنوں میں پوشیدہ رکھا ہے''

❀......❀......❀

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ چھ چیزیں اللہ کی نعمتوں میں سے ہیں

۱	اَلْاِسْلَامُ	دین اسلام
۲	وَالْقُرْآنُ	قرآن مجید
۳	مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ	اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم
۴	وَالْعَافِيَةُ	صحت وتندرستی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ وَالسِّتْرُ — پردہ پوشی

۶ وَالْغِنٰی عَنِ النَّاسِ — لوگوں سے بے پرواہی

❀ ..... ❀ ..... ❀

❀ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ جس بندے میں یہ چھ چیزیں جمع ہو گئیں وہ ضرور جنت کا طلبگار رہے گا اور جہنم سے دور بھاگے گا۔

۱ عَرَفَ اللّٰہَ تَعَالٰی فَاطَاعَہٗ

''جس نے اللہ تعالیٰ کو پہچان لیا اور اس کی اطاعت کی''

۲ وَعَرَفَ الشَّیْطَانَ فَعَصَاہُ

''جس نے شیطان کو پہچان لیا اور اس کی نافرمانی کی''

۳ وَعَرَفَ الْاٰخِرَۃَ فَطَلَبَھَا

''جس نے آخرت کی معرفت کے بعد اس کی طلب کی''

۴ وَعَرَفَ الدُّنْیَا فَرَفَضَھَا

''جس نے دنیا کو پہچان لیا اور اس کو چھوڑ دیا''

۵ وَعَرَفَ الْحَقَّ فَاتَّبَعَہٗ

''جس نے حق کو پہچان لیا اور اس کی پیروی کی''

۶ وَعَرَفَ الْبَاطِلَ فَاجْتَنَبَہٗ

''جس نے باطل کو پہچان لیا اور اس سے اجتناب کیا''

❀ ..... ❀ ..... ❀

❀ یحیٰ بن معاذ رازی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ

۱ اَلْعِلْمُ دَلِیْلُ الْعَمَلِ — علم عمل کی دلیل ہے

۲ وَالْفَھْمُ وِعَاءُ الْعِلْمِ — فہم علم کا برتن ہے

۳ وَالْعَقْلُ قَاعِدٌ لِلْخَیْرِ — عقل بھلائی کی کمین گاہ ہے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❹ وَالْهَوٰی مَرْكَبٌ لِلذُّنُوْبِ — خواہشات کی پوجا گناہوں کی سواری ہے

❺ وَالْمَالُ رِدَاءُ الْمُتَكَبِّرِيْنَ — مال تکبر کرنے والوں کی چادر ہے

❻ وَالدُّنْيَا سُوْقُ الْاٰخِرَةِ — دنیا آخرت کا بازار ہے

❁ ❁ ❁

سیدنا ابوذر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ اپنے اندر چھ چیزیں جمع کر لو کیونکہ یہ تمام دنیا کے برابر ہے۔

❶ الطَّعَامُ الْمَرِیءُ — خوشگوار کھانا

❷ وَالْوَلَدُ الصَّالِحُ — نیک اولاد

❸ وَالزَّوْجَةُ الْمُوَافِقَةُ — موافق مزاج بیوی

❹ وَالْكَلَامُ الْمُحْكَمُ — محکم کلام

❺ وَكَمَالُ الْعَقْلِ — کمال عقل

❻ وَصِحَّةُ الْبَدَنِ — بدنی تندرستی

❁ ❁ ❁

حسن بصری رحمہ اللہ کا قول ہے کہ چھ چیزیں دل کے بگاڑ کا سبب بنتی ہیں

❶ يُذْنِبُوْنَ بِرَجَاءِ التَّوْبَةِ

''توبہ کی امید سے وہ گناہ کرتے ہیں''

❷ وَيَتَعَلَّمُوْنَ الْعِلْمَ وَلَا يَعْمَلُوْنَ

''اور وہ علم حاصل کرتے ہیں لیکن عمل نہیں کرتے''

❸ وَإِذَا عَمِلُوْا لَا يُخْلِصُوْنَ

''جب عمل کرتے ہیں تو خلوص نہیں ہوتا''

❹ وَيَأْكُلُوْنَ رِزْقَ اللّٰهِ وَلَا يَشْكُرُوْنَ

''وہ اللہ کا رزق کھاتے ہیں لیکن شکر ادا نہیں کرتے''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ وَلَا يَرْضَوْنَ بِقِسْمَةِ اللّٰهِ

''اور وہ اللہ کی تقسیم پر راضی نہیں ہوتے''

۶ وَيُدْفِنُوْنَ مَوْتَا هُمْ وَلَا يَعْتَبِرُوْنَ

''مردوں کو دفن تو کرتے ہیں مگر ان سے عبرت حاصل نہیں کرتے''

❁......❁......❁

❁ حسن بصری رحمہ اللہ کا قول ہے کہ جس بندے نے آخرت کے بدلے دنیا کو اختیار کیا اس کے لیے اللہ کے ہاں چھ قسم کے عذاب ہیں جن میں سے تین دنیا میں اور تین آخرت میں وہ تین جو دنیا میں ہوں گے وہ یہ ہیں

۱ فَاَمَلٌ لَيْسَ لَهٗ مُنْتَهٰى — ایسی امید جس کی کوئی انتہا نہیں

۲ وَحِرْصٌ غَالِبٌ لَيْسَ لَهٗ قَنَاعَةٌ — ایسی شدید حرص جس میں قناعت نہیں

۳ وَيُؤْخَذُ مِنْهُ حَلَاوَةُ الْعِبَادَةِ

''اور اس کی عبادت سے حلاوت کو اٹھا لیا جاتا ہے''

اور وہ تین عذاب جو آخرت میں ہوں گے وہ یہ ہیں:

۱ فَهَوْلُ يَوْمِ الْقِيَامَةِ — روز قیامت کی دہشت

۲ وَالْحِسَابُ الشَّدِيْدُ — اور سخت حساب

۳ وَالْحَسْرَةُ الطَّوِيْلَةُ — اور لمبی حسرت

❁......❁......❁

❁ احنف بن قیس رحمہ اللہ کا قول ہے کہ

۱ لَا رَاحَةَ لِلْحَسُوْدِ — حاسدوں کے لیے کچھ راحت نہیں

۲ وَلَا مُرُوَّةَ لِلْكَذُوْبِ — جھوٹوں کے لیے کوئی مروت نہیں

۳ وَلَا حِيْلَةَ لِلْبَخِيْلِ — بخیل آدمی کے لیے کوئی حیلہ نہیں

۴ وَلَا وَفَاءَ لِلْمُلُوْكِ — بادشاہوں کے لیے کچھ وفا نہیں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ وَلَا سُؤْدَدَ سَيِّءِ الْخُلُقِ — برے اخلاق والے کے لیے کوئی سرداری نہیں

۶ وَلَا رَادَّ لِقَضَآءِ اللّٰهِ — اللہ کی تقدیر کا کوئی انکار نہیں

چھ چیزیں ایسی ہیں جو دائمی نہیں:

۱ ظِلُّ الْغَمَامِ	بادلوں کا سایہ
۲ وَخُلَّةُ الْاَشْرَارِ	شریروں کی دوستی
۳ وَالْمَالُ الْحَرَامُ	حرام مال
۴ وَعِشْقُ النِّسَآءِ	عورتوں کا عشق
۵ السُّلْطَانُ الْجَآئِرُ	ظالم بادشاہ
۶ وَالثَّنَآءُ الْكَاذِبُ	جھوٹی تعریف

چھ سنہری اقوال

۱ مَنْ قَلَّ صِدْقُهٗ قَلَّ صَدِيْقُهٗ

''جو کم سچ بولتا ہے اس کے دوست بھی کم ہوتے ہیں''

۲ مَنْ قَلَّ حَيَآءُهٗ كَثُرَ ذَنْبُهٗ

''جس میں حیا کم ہوتا ہے اس کے گناہ زیادہ ہوتے ہیں''

۳ مَنْ كَثُرَ مِزَاحُهٗ زَالَتْ هَيْبَتُهٗ

''جو مزاق کثرت سے کرتا ہے اس کی ہیبت ختم ہو جاتی ہے''

۴ مَنْ حَسُنَ خُلُقُهٗ كَثُرَتْ اِخْوَانُهٗ

''جس کا اخلاق اچھا ہوتا ہے اس کے دینی بھائی بہت ہوتے ہیں''

۵ مَنْ كَتَمَ سِرَّهٗ بَلَغَ مُرَادَهٗ

''جو راز پوشیدہ رکھتا ہے وہ مراد کو پہنچ جاتا ہے''

۶ مَنْ حَفِظَ لِسَانَهٗ قَلَّتْ نَدَامَتُهٗ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''جو اپنی زبان کی حفاظت کرتا ہے اسے ندامت کم ہی اٹھانی پڑتی ہے''

❀ محبت کے چھ درجے ہیں:

1. رجحان
2. میلان
3. دلچسپی
4. محبت
5. عشق
6. جنون

❀ دنیاوی راحت کے چھ درجے ہیں

1. صحت جسمانی
2. دولت کی فراوانی
3. زن فرمانبردار
4. پیر خدمت گزار
5. حکومت میں عہدیدار
6. شہر میں قیام وقرار

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْفَصْلُ السَّادِسُ

چھٹی فصل

بَابُ السُّبَاعِیْ

سات سات چیزوں کا بیان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گلدستہ احادیث سے سات سات چیزیں

❁ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سات بندے جن کو اللہ تعالیٰ روز قیامت اپنے عرش کا سایہ نصیب کریں گے جس دن اس سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔

❶ إِمَامٌ عَادِلٌ عادل حکمران

❷ وَشَابٌّ نَشَأَ فِي عِبَادَةِ اللّٰهِ

''وہ نوجوان جس نے جوانی اللہ کی عبادت میں گزار دی''

❸ وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ فِي الْمَسَاجِدِ

''اور وہ آدمی جس کا دل مسجد میں لگا رہتا ہے''

❹ وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ

''اور وہ دو آدمی جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے لیے دوستی رکھی اسی بنیاد پر ملے اور اسی پر جدا ہوئے''

❺ وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَأَةٌ ذَاتُ مَنْصَبٍ وَجَمَالٍ فَقَالَ أَخَافُ اللّٰهَ

''اور وہ آدمی جس کو حسب ونسب اور خوبصورت عورت نے برائی کی دعوت دی لیکن اس نے کہا میں اللہ سے ڈرتا ہوں''

❻ وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَأَخْفَاهَا حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِينُهُ

''اور وہ آدمی جو اس قدر پوشیدہ طور پر صدقہ کرتا ہے حتی کہ بائیں ہاتھ کو پتہ بھی نہیں چلتا کہ دائیں نے کیا خرچ کیا ہے۔''

❼ وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ

''اور وہ آدمی جس نے تنہائی میں اللہ کو یاد کیا اور اس کی آنکھیں رودیں''

(بخاری' کتاب الزکاۃ' باب الصدقة باليمين ۱۴۲۳)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: راہ فی سبیل اللہ میں شہید ہونے والوں کے علاوہ بھی سات قسم کے لوگ شہید ہیں

۱۔ اَلْمَطْعُوْنُ شَهِيْدٌ — طاعون میں ہلاک ہونے والا شہید ہے۔

۲۔ وَالْغَرِقُ شَهِيْدٌ — ڈوب کر مرنے والا شہید ہے۔

۳۔ وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيْدٌ — پہلو کے درد سے مرنے والا شہید ہے۔

۴۔ وَالْمَبْطُوْنُ شَهِيْدٌ — پیٹ کی بیماری میں ہلاک ہونے والا شہید ہے

۵۔ وَصَاحِبُ الْحَرِيْقِ شَهِيْدٌ — جل کر مرنے والا شہید ہے۔

۶۔ وَالَّذِیْ تَمُوْتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيْدٌ

"دیوار کے نیچے دب کر مرنے والا شہید ہے"

۷۔ وَالْمَرْاَةُ تَمُوْتُ بِجُمْعٍ شَهِيْدٌ

"دوران حمل فوت ہونے والی عورت شہید ہے"

(ابو داؤد، کتاب الجنائز، باب فی فضل من مات بالطاعون ۳۱۱۱۔ وبخاری ۲۸۲۹)

❁......❁......❁

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا: جب بندہ سجدہ کرتا ہے تو اس کے ساتھ اس کے سات اعضاء سجدہ کرتے ہیں۔

۱، وَجْهُهُ — چہرہ (اس میں پیشانی اور ناک داخل ہے)

۲، ۳ وَكَفَّاهُ — اور دونوں ہاتھ

۴، ۵ وَرُكْبَتَاهُ — اور دونوں گھٹنے

۶، ۷ وَقَدَمَاهُ — اور دونوں قدم

(ترمذی، الصلاۃ، باب ما جاء فی السجود علی سبعۃ اعضاء ۲۷۲۔ وبخاری ۸۱۲)

❁......❁......❁

حضرت ابو عمارہ براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہمیں رسول اللہ ﷺ نے سات چیزوں کے کرنے کا حکم دیا اور سات چیزوں سے منع فرمایا، آپ ﷺ نے ہمیں حکم دیا:

❶ بِعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ	مریض کی عیادت کرنے کا
❷ وَاتِّبَاعِ الْجِنَازَةِ	نماز جنازہ پڑھنے کا
❸ وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ	چھینک کا جواب دینے کا
❹ وَإِبْرَارِ الْمُقْسِمِ	قسم اٹھانے والے کی قسم کو پورا کرنے کا
❺ وَنَصْرِ الْمَظْلُوْمِ	مظلوم کی مدد کرنے کا
❻ وَإِجَابَةِ الدَّاعِي	دعوت کرنے والے کی دعوت قبول کرنے کا
❼ وَإِفْشَاءِ السَّلَامِ	اور سلام کو پھیلانے کا

❁......❁......❁

اور ہمیں سات چیزوں سے منع فرمایا

❶ عَنْ خَوَاتِيْمَ أَوْ تَخَتُّمٍ بِالذَّهَبِ	سونے کی انگوٹھیاں پہننے سے
❷ وَعَنْ شُرْبٍ بِالْفِضَّةِ	چاندی کے برتنوں میں (کھانے) پینے سے
❸ وَعَنِ الْمَيَاثِرِ الْحُمْرِ	سرخ ریشمی گدوں کے استعمال سے
❹ وَعَنِ الْقَسِّيِّ	اور قسی (علاقہ) کے کپڑے پہننے سے
❺ وَعَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ	حریر ریشم پہننے سے۔
❻ وَالْإِسْتَبْرَقِ	استبرق ریشم پہننے سے۔
❼ وَالدِّيْبَاجِ	اور دیباج ریشم کے پہننے سے۔

(بخاری، الجنائز، باب الامر باتباع الجنائز ۱۲۳۹۔ ومسلم، اللباس ۲۰۶۶)

❁......❁......❁

❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (سات صحابہ سب سے آگے ہیں)

❶ میری امت پر سب سے زیادہ رحمدل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❷ سب سے بڑھ کر دینی معاملہ میں بے لچک حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔

❸ سب سے بڑھ کر حیا کے پیکر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں۔

❹ سب سے بڑے کتاب اللہ کے قاری حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہیں۔

❺ سب سے بڑے حلال وحرام کا امتیاز کرنے والے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہیں۔

❻ سب سے زیادہ ماہر علم میراث میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ہیں۔

❼ سب سے بڑھ کر اس امت کے امین (امانت دار) حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ ہیں۔

(ترمذی' المناقب' باب مناقب معاذ بن جبل...... ۳۷۹۰)

❁......❁......❁

❁ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سات ہلاک کر دینے والی اشیاء سے بچو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دریافت کیا وہ کونسی ہیں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

۱ اَلشِّرْكُ بِاللّٰهِ	کسی کو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا
۲ وَالسِّحْرُ	جادو کرنا
۳ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ	ناجائز کسی کو قتل کرنا
۴ وَأَكْلُ الرِّبَا	سود کھانا
۵ وَأَكْلُ مَالِ الْيَتِيْمِ	یتیم کے مال کو کھانا
۶ وَالتَّوَلِّيْ يَوْمَ الزَّحْفِ	جنگ کے دن پیٹھ پھیرنا

۷ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلَاتِ

''نیک پاکدامن مومنہ عورتوں پر تہمت لگانا''

(بخاری' کتاب الوصایا' باب قول اللہ تعالیٰ ان الذین یاکلون اموال الیتیمی ظلما...... الخ ۲۷۶۶۔ ۵۷۶۴)

○○○

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سات سات سنہرے اقوال

❁ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ سات آدمیوں پر میں تعجب کرتا ہوں

❶ عَجِبْتُ لِمَنْ عَرَفَ الْمَوْتَ وَهُوَ يَضْحَكُ

''مجھے ایسے آدمی پر تعجب ہے جس نے موت کو پہچان لیا پھر بھی ہنستا پھرتا ہے''

❷ وَعَجِبْتُ لِمَنْ عَرَفَ الدُّنْيَا فَانِيَةً وَهُوَ يَرْغَبُ فِيهَا

''مجھے ایسے آدمی پر تعجب ہے جس نے دنیا کی اصلیت کو پہچان لیا کہ وہ فانی ہے پھر بھی وہ اس میں رغبت رکھتا ہے۔''

❸ وَعَجِبْتُ لِمَنْ عَرَفَ أَنَّ الْأُمُوْرَ بِأَقْدَارٍ وَهُوَ يَغْتَمُّ لِلْفَوَاتِ

''مجھے ایسے آدمی پر تعجب ہے کہ جس نے یہ جان لیا کہ تمام امور تقدیر سے جوڑے ہوئے ہیں پھر بھی وہ ان کے کھو جانے پر غمگین ہوتا ہے''

❹ وَعَجِبْتُ لِمَنْ عَرَفَ الْحِسَابَ وَهُوَ يَجْمَعُ مَالًا

''مجھے ایسے آدمی پر تعجب ہے جس نے حساب و کتاب ہونے کو مان لیا پھر بھی وہ مال کو جمع کرتا پھرتا ہے۔''

❺ وَعَجِبْتُ لِمَنْ عَرَفَ النَّارَ وَهُوَ يُذْنِبُ

''مجھے ایسے آدمی پر تعجب ہے جس نے جہنم کی حقیقت کو سمجھ لیا پھر بھی وہ گناہ کرتا ہے''

❻ وَعَجِبْتُ لِمَنْ عَرَفَ اللّٰهَ يَقِينًا وَهُوَ يَذْكُرُ غَيْرَهُ

''مجھے ایسے آدمی پر تعجب ہے جس نے پختہ یقین سے اللہ کو پہچان لیا پھر بھی وہ غیروں کا ذکر کرتا ہے۔''

❼ وَعَجِبْتُ لِمَنْ عَرَفَ الْجَنَّةَ يَقِينًا وَهُوَ يَسْتَرِيحُ بِالدُّنْيَا

''مجھے ایسے آدمی پر تعجب ہے کہ جس نے پختہ یقین سے جنت کی حقیقت کو پہچان لیا پھر بھی وہ دنیا میں راحت تلاش کرتا ہے۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ

❶ اَلْبُهْتَانُ عَلَى الْبَرَايَا اَثْقَلُ مِنَ السَّمَآءِ
مخلوق پر بہتان باندھنا آسمان سے زیادہ بوجھل ہے۔

❷ وَالْحَقُّ اَوْسَعُ مِنَ الْاَرْضِ — حق زمین سے زیادہ وسیع ہے۔

❸ وَقَلْبُ الْقَانِعِ اَغْنٰی مِنَ الْبَحْرِ
''قناعت کرنے والا دل سمندر سے زیادہ گہرا (غنی) ہے۔''

❹ وَقَلْبُ الْمُنَافِقِ اَشَدُّ مِنَ الْحَجَرِ
''منافق کا دل پتھر سے زیادہ سخت ہے۔''

❺ وَالسُّلْطَانُ الْجَائِرُ حَرٌّ مِنَ النَّارِ
''ظالم بادشاہ آگ سے بھی زیادہ گرم ہے۔''

❻ وَالْحَاجَةُ اِلَى اللَّئِيْمِ اَبْرَدُ مِنَ الزَّمْهَرِيْرِ
''نااہل کی طرف حاجت لے جانا جہنم سے زیادہ سرد ہے''

❼ وَالصَّبْرُ اَمَرُّ مِنَ السَّمِّ — صبر زہر سے زیادہ تلخ ہے۔

❀......❀......❀

ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ عقل مند بندے کے لیے ضروری ہے کہ سات چیزوں کو سات چیزوں پر اختیار کرے۔

❶ اَلْفَقْرَ عَلَى الْغِنٰی	فقری کو غنا پر
❷ وَالذُّلَّ عَلَى الْعِزِّ	ذلت کو بلندی پر
❸ وَالتَّوَاضُعَ عَلَى الْكِبْرِ	تواضع کو تکبر پر
❹ وَالْجُوْعَ عَلَى الشَّبْعِ	بھوک کو سیرابی پر
❺ وَالْغَمَّ عَلَى السُّرُوْرِ	غمی کو خوشی پر
❻ وَالدُّوْنَ عَلَى الْمُرْتَفِعِ	پستی کو بلندی پر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٧ وَالْمَوْتَ عَلَى الْحَيٰوةِ — موت کو زندگی پر

❀ سات چیزیں سات چیزوں کی زینت ہیں

١ اَلشُّكْرُ زِيْنَةُ النِّعْمَةِ — شکر نعمت کی زینت ہے۔

٢ وَالصَّبْرُ زِيْنَةُ الْبَلَآءِ — صبر مصیبت کی زینت ہے۔

٣ وَالْحِلْمُ زِيْنَةُ الْعِلْمِ — حلم علم کی زینت ہے۔

٤ وَالتَّذَلُّلُ زِيْنَةُ الْمُتَعَلِّمِ — کسر نفسی متعلم کی زینت ہے۔

٥ وَكَثْرَةُ الْبُكَاءِ زِيْنَةُ الْخَوْفِ — کثرت سے رونا خوف کی زینت ہے۔

٦ وَتَرْكُ الْمِنَّةِ زِيْنَةُ الْاِحْسَانِ — احسان نہ جتلانا احسان کی زینت ہے۔

٧ وَالْخُشُوْعُ زِيْنَةُ الصَّلٰوةِ — خشوع نماز کی زینت ہے

❀ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ سات چیزیں سات چیزوں کے بغیر حاصل نہیں ہوتی

١ وَلَا الْفَضْلُ بِغَيْرِ عِلْمٍ — بغیر علم کے فضیلت حاصل نہیں ہوتی

٢ وَلَا الْفَوْزُ بِغَيْرِ خَشْيَةٍ — بغیر خشیت الٰہی کے کامیابی حاصل نہیں ہوتی

٣ وَلَا السُّلْطَانُ بِغَيْرِ عَدْلٍ — بغیر عدل وانصاف کے بادشاہت حاصل نہیں ہوتی

٤ وَلَا الْحَسَبُ بِغَيْرِ اَدَبٍ — بغیر ادب حسب ونسب میں بزرگی حاصل نہیں ہوتی

٥ وَلَا الْغِنٰى بِغَيْرِ جُوْدٍ — بغیر سخاوت کے غنا حاصل نہیں ہوتی

٦ وَلَا الرِّفْعَةُ بِغَيْرِ تَوَاضُعٍ — بغیر تواضع کے بلندی حاصل نہیں ہوتی

٧ وَلَا الْجِهَادُ بِغَيْرِ تَوْفِيْقٍ

''بغیر توفیق الٰہی کے جہاد فی سبیل اللہ کرنے کی سعادت حاصل نہیں ہوتی''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ

❶ اَلْعِلْمُ خَيْرُ مِيْرَاثٍ	علم بہترین میراث ہے۔
❷ وَالْاَدَبُ خَيْرُ حِرْفَةٍ	ادب بہترین پیشہ ہے۔
❸ وَالتَّقْوٰى خَيْرُ زَادٍ	تقویٰ بہترین زادراہ ہے۔
❹ وَالْعِبَادَةُ خَيْرُ بِضَاعَةٍ	عبادت بہترین سرمایہ ہے۔
❺ وَحُسْنُ الْخُلُقِ خَيْرُ قَرِيْنٍ	اچھا اخلاق بہترین ساتھی ہے۔
❻ وَالْحِلْمُ خَيْرُ وَزِيْرٍ	حلم بہترین وزیر ہے۔
❼ وَالْقَنَاعَةُ خَيْرُ غِنًى	قناعت بہترین امیری ہے۔

بعض حکماء کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ ان اشیاء کو بہت برا خیال کرتے ہیں

❶ اَلْبُخْلُ مِنَ الْاَغْنِيَاۗءِ	امراء سے بخیلی
❷ وَالْكِبْرُ مِنَ الْفُقَرَآءِ	فقراء سے تکبر
❸ وَالطَّمَعُ مِنَ الْعُلَمَآءِ	علماء سے طمع ولالچ
❹ وَقِلَّةُ الْحَيَآءِ مِنَ النِّسَآءِ	خواتین سے بے حیائی
❺ وَحُبُّ الدُّنْيَا مِنَ الشُّيُوْخِ	بوڑھے آدمی کی دنیا سے محبت
❻ وَالْكَسَلُ مِنَ الشَّبَابِ	جوانی میں سستی
❼ وَالْجَوْرُ مِنَ السُّلْطَانِ	بادشاہ سے ظلم

علی بن محمد البسامی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ عزت کے ساتھ دروازے ہیں

❶ اَلْعَقْلُ	عقل
❷ اَلْعِلْمُ	علم
❸ اَلصَّبْرُ	صبر
❹ اَلشُّكْرُ	شکر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵ الصَّمْتُ — خاموشی

۶ الْجُوْدُ — سخاوت

۷ الصِّدْقُ — سچ

۞......۞......۞

۞ دنیا سات چیزوں سے قائم ہے

۱ اللہ رحیم کی رحمت سے

۲ رسول کریم ﷺ کی دُعا سے

۳ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اطاعت و جانثاری سے

۴ حکماء کی عقل و حکمت سے

۵ عابدوں کی عبادت سے

۶ عالموں کی پند و موعظت سے

۷ کریموں کی سخاوت سے

۞......۞......۞

۞ سات چیزیں سات چیزوں کو کھا جاتی ہیں:

۱ نیکی بدی کو

۲ تکبر علم کو۔

۳ توبہ گناہ کو۔

۴ جھوٹ رزق کو۔

۵ عدل ظلم کو

۶ غم عمر کو

۷ غیبت اعمال کو

۞......۞......۞

۞ سات چیزیں سیر نہیں ہوتیں

۱ آنکھ دیکھنے سے

۲ زمین بارش سے

۳ عورت مرد سے

۴ عالم علم سے

۵ سائل سوال سے

۶ آگ لکڑیوں سے

۷ حریص جمع مال سے

۞......۞......۞

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دولت کے متعلق حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ

1. دولت سے ہم عینک تو خرید سکتے ہیں مگر نظر نہیں خرید سکتے۔
2. دولت سے ہم کتابیں تو خرید سکتے ہیں مگر علم نہیں خرید سکتے۔
3. دولت سے ہم زیورات خرید سکتے ہیں مگر حسن نہیں خرید سکتے۔
4. دولت سے ہم سخاوت کر سکتے ہیں مگر عبادت نہیں خرید سکتے۔
5. دولت سے ہم ادویات خرید سکتے ہیں مگر صحت نہیں خرید سکتے۔
6. دولت سے ہم نرم اور گدے بہتر خرید سکتے ہیں مگر میٹھی نیند نہیں خرید سکتے۔
7. دولت سے ہم خوشامد خرید سکتے ہیں مگر محبت نہیں خرید سکتے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ علم بہتر ہے یا مال تو انہوں نے فرمایا: علم مال سے بہتر ہے۔

1. علم اس لیے کہ مال کی حفاظت کرنی پڑتی ہے اور علم تیری حفاظت کرتا ہے۔
2. علم اس لیے کہ مال فرعون و ہامان کا ترکہ ہے اور علم انبیاء کی میراث ہے۔
3. علم اس لیے کہ مال خرچ کرنے سے کم ہوتا ہے اور علم ترقی کرتا ہے۔
4. علم اس لیے کہ مال دیر تک رکھنے سے فرسودہ ہو جاتا ہے مگر علم کو کچھ نقصان نہیں پہنچتا۔
5. علم اس لیے کہ مال کو ہر وقت چوری کا خطرہ ہے علم کو نہیں۔
6. علم اس لیے کہ صاحب مال کبھی بخیل بھی کہلاتا ہے مگر صاحب علم کریم ہی کہلاتا ہے۔
7. علم اس لیے کہ اس سے دل کو روشنی ملتی ہے اور مال سے دل منتشر ہو جاتا ہے۔

تمت بالخیر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

گلدستہ احادیث سنہرے اقوال